شب تاریک مین فانوس کا دہوکا ہوتا — بدن صاف ترا زیر قبا کہل جاتا

حسن انجم سی جو ای عشق کبہی تو لڑتا
بیخبر تیرا دہن ہن ذکا کہل جاتا

بحر رمل مثمن محذوف

خار بہی ہی جسی ہمدم چمن کا پہول تہا — نالہ ہی بلبلِ شیدائی پہ مخذول تہا

شعلۂ فرقت سی سینی مین آیا رنگو — وصل کی صحرا مین ہی شاید چراغِ غول تہا

ہجر مین روئی تو شبنم ہر سرِ گل پڑی — دل شگفتہ تیری وصلت مین ہو جب پہول تہا

بنگیا ہی کس قدر ای ماہ تیری حسن سی — جو چکورون کی طرح اِس عشق مین مخذول تہا

بد دماغی نکہتِ گل سی ہمین یان تک ہو گئی — باغبان باغ مین مجکو گمانِ غول تہا

نامۂ اعمالِ عاقل سی عمل جن کا کیا — بد عمل تیری عمل کا کیا ہی معمول تہا

حال آتا ہی جو اوسکا حسن آ جاتا ہی یاد — پہر صوفی یہہ کلامِ عشق کیا مقبول تہا

بلبلِ ہندی کا ہی ہر بال ہی [illegible] — سعدیِ شیراز کا ہی شعر کیا مقبول تہا

حسن کی گلشن کا منا جو نئی نظارہ کیا — بوسۂ سیبِ زنخدان باغ کا محصول تہا

قاتلا شہرگ مری گویا تہا دورا تیغ کا — رشتۂ گردن اثر شمشیر کا محصول تہا

پتنگلون کی جلا کر صبحدم گل کر دیا — بزمِ عالم مین ہی کیا شمع کا محصول تہا

سر بکف شوقِ شہادت سی ہوا ہی خسرو
پہلی ہی سی قاتلِ قاتل مین یہ مقتول تہا

اس سرا مین اوس سر آنک یاد ہی وہ قافلہ
مشغلی مین آہ و زاری کی جرس مشغول تہا

داستانِ زہرہ جبینون کی سناتا ہی عبث
مختصر کر آہ ای اختر یہ قصہ طول تہا

عالمِ امکان جلوہ خانہ ہی میری یار کا
عرشِ اعلی برگمان ہی قصر کی دیوار کا

زلف ہے کا نونہ یہ موتی کی حفاظت کی لئی
چہوڑنا آسان نہین پہالا دہانِ مار کا

شعلۂ داغ بدن مین وہ حرارت ہو گئی
آسمان طاؤس ہو وہی آہِ آتش بار کا

آتشین گلی مری بہڑکائی گروہ مہروش
دل جلانا سہل ہو وہی شعلۂ رخسار کا

گو عصائی شاخ یاد چشمِ گلرو سی ملا
اب ہوا موسی سا رتبہ نرگسِ بیمار کا

اس گدائی مین ہی یوسف کی خریداری کا دہیان
فقر مجکو فخر ہی اس مصر کی بازار کا

بخت خفتہ حلقۂ زنجیرِ در سی دور ہی
پڑ گیا ہی عکس میری دیدۂ بیدار کا

سر بہار وین مین چہکا کر گیا جنون مضمونِ غیر
دیکہنا ممکن نہین مانند ماہی خار کا

محتسب بالو نسی بالکل کاسۂ سر ہی سیاہ
دودِ دل تجہہ پر پڑا ہی یا کسی میخوار کا

ناتوان تنگی سی کمتر سنگدل ہی کہربا
ہو گیا احسان اِسپر سایۂ دیوار کا

بارِ کاکل کسنی شانی سی اوٹہایا ہجران
کسنی پیچہ لپیٹا لٹ پٹی دستار کا

ای کمان ابرو تری پلکون نی مارا تیر ہی
کہینچنا مشکل ہی لیکن گوشۂ دستار کا

خاکساری خوب سمجہا فرش ہو جاتا ہی وہ
عرش کہلاتا ہی یہ سایہ تری دیوار کا

خالِ ہندو طاقِ ابرو پر نظر آنی لگا
بل پڑا تارِ نظر مین رشتۂ زنّار کا

بندشِ موئی میان دیکہی ہی کسنی شاعرو
سایہ پڑ جاتا ہی شاید میری جسمِ زار کا

پہلی ٹانکونکی لئی مین اوسکا ڈرا مانگ لون
بعد ازان کہلائی جوہر یار اوس تلوار کا

ہین زبان ہم مین تو قاتل کا دہن نایاب ہی
ذکر خاموشی مین لکہتی ہین لبِ سوفار کا

آتشین رخسار اوسکا روز و شب انکھون مین ہی
ہر پلک پر ہی لیتی منقارِ موسیقار کا

بلبلِ ہندے ہی اُختر گلشنِ عالم مین تو
لکھنؤ مین ہی بہت شہرہ تری اشعار کا

## بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف

اِس شکر کے نالون نی یہانتکہ جلایا
پکڑا جو قلم صفحۂ دیوان کو جلایا

پھرسے بہی منہ خاموشی ہوئی داغ گلو
عارض نی تری تارِ گریبان کو جلایا

داغونکی سیاہی سی ہوئی صبحِ وصلت سی
سینی نی یہانتک شبِ ہجران کو جلایا

ہمراہی کو باقی نرہی بادِ صبا بہی
ای شعلۂ دل غولِ بیابان کو جلایا

معمور تہا ویرانہ تصور سی پری کے
آئینۂ عارض ودلِ حیران کو جلایا

اسباطِ کیا شبِ فرقت مین ہوطیا
اوس ق نی اگر مہِ تابان کو جلایا

مجبوس ہین ہم اپنی گرانباری سی ورنہ
زنجیر کی نالی نی نگہبان کو جلایا

یعقوبؑ صفت دیدۂ یوسفؑ کو نباوان
آنکھون نی تمہاری چہِ کنعان کو جلایا

تیزی جو کسی برق کی یاد آئی دمِ قتل
ہر رگ نی مری خنجرِ بُرّان کو جلایا

حاسد مری اشعار کو ٹہنڈا کرین کیا تو
آدم نی دعا کر کی نہ شیطان کو جلایا

چنگاریان بہی آگ کی بجہہ جائینگی اِس سے
اشکون نی مری دیدۂ گریان کو جلایا

گیا دوشِ صبا پر بہی پریو کا ہی سایہ
تابوت بہجہ تختِ سلیمان کو جلایا

ہر داغِ سیہ چربِ بانی سی ہی روشن
دیوار کی رخنون نی چراغانکو جلایا

اوس مہر نی آتش کا کفن انکو پنہایا
یا پہر شفقِ خاکِ شہیدان کو جلایا

کورون سی عجب پیچ سی بل کرتا ہی وہ ماہ
کالون نی مگر زلفِ پریشانکو جلایا

مالک ہوا اوس حور کا جنت مین جو زاہد
نالون نی مری روضۂ رضوان کو جلایا

یہہ آگ مری پاؤن کی سر تک مین نہ پہونچی
ہر آبلی نی گنبدِ گردان کو جلایا

کیا عارضِ گلنار ہی گلشن مین ٹپکا
باری ہی زبس اوسی گلستانکو جلایا

آبِ دُرِ دندان سی ابھی سرد کرون گا
ہونٹون نی اگر لعلِ بدخشانکو جلایا

گو زمین سمایا ہی یہ دریا نہین معلوم
ای تنگدہان چشمۂ حیوانکو جلایا

اختر نی اگر مہر کی زلفونکو سمیٹا
نالون نی مری دودِ پریشان کو جلایا

## بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف

پریان تو اڑ گئین دلِ دیوانہ رہ گیا
شعلہ پتنگ ہو گیا پروانہ رہ گیا

حسنِ خدا پرست سی بتخانہ رہ گیا
عشقِ زلال نوش سی پیمانہ رہ گیا

یادِ کمر سی کر دیا لیلی نی ناتوان
رگ رگ مین قیس کی دلِ دیوانہ رہ گیا

یہہ رند کسکی نرگسِ میگون کا مست ہی
ساغر کا دور ہو گیا مستانہ رہ گیا

صیاد اس بہار سی گلشن خزان ہوئی
آباد وہ قفس ہی یہ ویرانہ رہ گیا

آہو نگہہ نی ساری اجاڑا چھڑا دی
دشتِ جنون مین شیرونسی یارانہ رہ گیا

پامال ہم ہوئی تہی جو گلشن مین اوسکی شان | اپنا سمجھہ کی سبزۂ بیگانہ رہ گیا
شمشاد سی نکالتی ہین شاخشانی آپ | قمریکا طوق گیسوؤنکا شانہ رہ گیا
دیوان مراعزیزہی کیونکر نہ چاہ ہو | یوسف علیہ السلام کے رخکا دہر مین افسانہ رہ گیا
بازار حسن عشق مین دل بھی خریدے | مٹھی مین بند میرا یہ بیعانہ رہ گیا
خال رخ پری سی وہ جل جائیگا ضرور | میری زمین شعر مین جو دانہ رہ گیا
چہلکاؤ دور می مین کسی رند مست سی | لبریز اشک چشم کا پیمانہ رہ گیا

تصویر یار دل مین ہی گو منہہ پہ وہ نہین
اختر خدا کا شکر صنم خانہ رہ گیا

ردیف الف دیوان مبارک دوم تصنیف معلی خلد اللہ ملکہ وسلطنتہ

بحر ہزج سالم

تری الفت مین ہر سلطانکو رتبہ ہی گدا ہونیکا | سوا تیری کسی زیبندہ ہی دعوی خدا ہونیکا

لگی ہو چوٹ جسکو عشق کی ہاتو نہیں اچھی ہو
زبان نی خاصہ پیدا کیا ہی مومیائیکا

نہ مثلِ مہرِ تابان ہی نہ شعلی سی مطابق ہی
نیا انداز ہی محبوب کی رنگِ طلائیکا

بہار خسار پر جب اشکِ چشمِ زار یون بولے
صدف کو غم ہی ای بحرِ کرم دُر کی جدائیکا

بڑہین داغِ جنون کیونکر نہ جسمِ زار کی اوپر
نہایت رشک ہی ٹہونٹہونے مسی کی آشنائیکا

قفس مین بند ہون بی بال و پر ہون ہم بہت گھبرائی ہین
سبب ہے کونسا صیاد اب میری رہائیکا

بتادو دین عشقِ پاک مین دونون گروہونکو
پڑی جب مومن و کافر مین جھگڑا پارسائیکا

شہیدِ نازِ معشوقِ پریچہرہ ہوا عاشق
بڑا رتبہ ہوا ای محتسب دزدِ حنائیکا

گرا دونگا درِ جانانکو سر گھس گھس کی در تا ہنر
دکھا دونگا یہ سر گھس گھس کی عالم جبہ سائیکا

بڑہی گی خالِ عارض سی ضیائی اخترِ تابان
نہ ہوگا داغِ ماہ صاف بدلا رُونمائیکا

## بحرِ رمل سالم

ای طبیب جان نازک ہی درمان غم تنہا
کرد وای درد سب تکلین کی ارمان غم تنہا

خوشخرامی سی عجب کیا ہی روش گل لالہ ہو
پھر تجھی سبز کردینگی گلستان غم تنہا

عکس وہی یار سی ای بدر خوش رنگ آتش بھر
اب ترا داغ جگر ہوگا درخشان غم تنہا

ای اسیر غلغلہ کرتی ہین زنجیرین عبث
آن پونہچا یہ مقید تجھمین زندان غم تنہا

رنج ہی پروانی وہی محفل وہی عیش و طرب
دوسری شب آئی ای شمع شبستان غم تنہا

پہونکر محفل مین پیش غیر کیون روتا ہی تو
بات پختہ سیکھہ لی خلوتمین نادان غم تنہا

پیش اختر چل جو اہل دل کی ای متین
اب لینگی درمضمون ای غزلخوان غم تنہا

ہمکو خیال ہی نہ کچھہ خیال کا
ہر دم ہی پیش چشم تصور جمال کا

عقدی کہلی جو گیسوی عنبر شمیم کی
دہوکا تری کمر پہ ہوا ہمکو بال کا

کیونکر لقب نہ قائل سفّاک خلق ہو
نقطہ ہی جورِ ظلم کا تل تری گال کا

ایماہ تیری مصحفِ عارِض کی سیر کے
وہ ہو کا ہوا جبین ہے جو ہمکو ہلال کا

دیکھا جو مین نی جالی کی کُرتی سی پیٹ کو
ہر تار اوسکا ڈورا ہوا مجکو جال کا

تقویمِ سال رفتہ ہوا عشق مہر خان
اب آئیے بناؤنگا اِس ماہ و سال کا

روی شتّیہ غیر کی زردی سی چھا گئی
غصّی مین خوب بکّہ اوڑا یا گلال کا

بن ماری مار مار کی آواز آتی ہی
بیٹھا ہی گنجِ حسن ہے کالا یہ خال کا

وہ چوکڑی ہی بہول گیا دستِ فکر مین
ہاتھون سی پاؤن ٹوٹ چکا ہی غزال کا

ہر ہر قدم پہ ٹھوکرین کھاتا ہی روز وہ
کبکِ دری غلام ہوا تیری چال کا

ہجر ستکی پاؤن ٹوٹ چکی دشتِ فکر مین
کچھ ہاتھ ڈول ڈالا آج تو ہمنی وصال کا

معشوق وہی ایک ہی مضمون وہ ہی ایک
دیوان اک بنا چکا مین اپنی حال کا

عقلی امین ہوش حسرِ مغز مکین بجا ہین

دیوی جواب قرینِ پورا سوال کا

## بحرِ رمل مثمن مقصور



آہوی طنّاز کیا مجکو لگا لیجائیگا
شوقِ وصل آبہی مری خط کو اڑا لیجائیگا

نامۂ اعمال پر اللہ ہوگا مہرباں
جب بغلمین داب کر اپنا لکہا لیجائیگا

ہاتہہ خالی بزم سے نہین بجائیگا کبہی
زہر تہوڑا سا پئی زلفِ دوتا لیجائیگا

کیا ہوا گر پیچ مین زلفو کی یہ دل آگیا
عاشقِ مسموم اپنا خون بہا لیجائیگا

استخوانسی دردِ فرقت مرکی بہی چہٹتا نہین
دیکہی مرقد سی اگر اب ہما لیجائیگا

جامۂ عریان نہایا ہی عبث عشاق کو
کیا کلاہِ مہر تک ای خوش قبا لیجائیگا

اہوانِ فکر کا ہون روز و شب مین پاسبان
بہیڑیا جنگل مین اب مجکو اوٹہا لیجائیگا

کافرو دیندار کی ملت سے کچہہ آیا نہ ہاتہہ
تیری در تک اے صنم مجکو خدا لیجائیگا

کہدی ہی ای اختر یہ دیوان گلتبک ہوگا تمام

چہوڑ جائیگا اسے سجا دیا لیجائیگا

## بحر مجتث مخبون

مری زبان سی پوچھو مزا محبت کا
کتاب خوان سی سن لو گلا محبت کا

پڑا ہی پاؤں مین اب سلسلا محبت کا
برا ہمارا ہوا ہو بھلا محبت کا

عجیب سحر ہے یہ ماجرا محبت کا
مری پہ نام جو زندہ رہا محبت کا

جمال صاف کی موسی کو تاب کب آئی
جو دیکھی تو ہی طالب خدا محبت کا

ہر ایک در پہ ہی گردشین میرا کاسۂ چشم
وہ شاہ حسن ہوا یہ گدا محبت کا

نصیب فتح کسی ہو ملی شکست کسی
تفنگ حسن سے ہی سامنا محبت کا

نہ سیم و زر کی ہی حاجت نہ کچھہ حکومت کی
او گال دیکی دیا خون بہا محبت کا

تبرا کرتی ہین ہم کہل کی چار یاروں پر
لیا جو نام ولا بر ملا محبت کا

ولی وصی رسول و نبی و پیغمبر
خدا اتنک تو ملا آشنا محبت کا

بلا سی اس شب تیرہ میں جبین تو ہو گا
اسیر زلف ہون میں مبتلا محبت کا

کدھر سی جاتا تھا اختر یہ کیا ہوا افسوس
خدا بچائی ہوا سامنا محبت کا

زندہ در گور ہوا رشک مسیحا اوٹھ جا
درد دل تو نی عبث میرا چھپایا اوٹھ جا

ایک نکتہ بھی مری دل کا نہ مانا اوٹھ جا
بیخبر روز کہا کرتا ہون اوٹھ جا اوٹھ جا

سرو گڑ گڑ گئی خجلت سی عجب گل تو ہی
قد و بالا سی ہوا مین تہ و بالا اوٹھ جا

اختر زار کو مجنون کی ملی ہی جاگیر
آنکہ شرمائی گی ای غیرت لیلا اوٹھ جا

عارض صاف ترا رشک قمر دیکھ لیا
جان سی گئی جب ایک نظر دیکھ لیا

چشم و ابرو سی بچاتا ہون بہت دلکو مگر
کیا کرون تیرہ مژگان نی جگر دیکھہ لیا

نہ بچیگا یہ جو اب نہ چھٹیگا ہرگز
درد مضمون نی مری بیت کا گہر دیکھہ لیا

نہ جلا خانۂ صیّاد نہ گل مرجہائی
اب نہ کچھہ ہوگا ان آہونکا اثر دیکھہ لیا

تو بھی اسکا تماشی سی تمہین دعوی ہین جو آب
کیون جی کیون منع کئی پر بہی ادہر دیکھہ لیا

نہ ملی وہ نہ ملی وہ جو ملی مل ہی گئی
آج ہم باندہتی ہین موی کمر دیکھہ لیا

دونی وحشت ہوئی وہ ماہ جبین یاد آیا
اخترِ زار نی کیون دورِ قمر دیکھہ لیا

تا جلی یکہ کی صورت مجہی خاموش کیا
یاد غیرون نی بدی ہمکو فراموش کیا

محتسب کو بہی مری یار نی مینوش کیا
آنکھونکی ڈوری دکہا کر مجہی بیہوش کیا

خون بہانی مری ہاتہہ لگا کیا تجکو
شکر ہی شکر کیا خوب سبکدوش کیا

بسا پروانہ ہون جلکر ہی صدا آنے لگی
آہ ئی شمع کی صورت مجھے خاموش کیا

کس کشاکش مین کمانداری چھٹتا ہے تیر
کانکو ڈہانپ لیا دلکو بنا گوش کیا

محفلونمین مین لپٹ جاونگا یہ یاد رکھو
خون نی میرے تن زار مین اب جوش کیا

کیفیت چشم کی دونی ہوئی سبحان اللہ
مجکو بیہوش کیا آپکو خاموش کیا

کوئی مہر و تو کبھی خون کا بدلا لیگا
مجمر مہر نے اختر کا جگر جوش کیا

## بحر رمل مخبون

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

توہی گر غیرت لیلی تو یہ مجنون تیرا
سرو باغی تو ہمارا قد موزون تیرا

پیچ دی دیکی بلائین ہمین ڈالا تو نے
سحر ہی سحر ہے یہ گیسوئی شبگون تیرا

ہمین اعجاز کیا واہ مسیحائی جہان
ید بیضا تو ہمارا کف گلگون تیرا

مجھی ڈر لگتا ہی اے جان بدل جائے مزاج
حال کچھ ہوتا ہی ہر روز دگرگون تیرا

تا زمین سا تہہ نجائیگا یقین نہیں مجھکو
کچھ نہ بہر ویسا نہیں ای گنبدِ گردون تیرا

ارتباطِ دلِ معشوق کو دیکھو اگر عشق
اسکا مجنون جو ہوا تو تو یہ مفتون تیرا

مصرعۂ مطلعِ اول ہی مین اشتر ہی پہنسا
تو ہی گر غیرتِ لیلی تو یہ مجنون تیرا

## بحرِ رمل مثمن مقصور

صرفِ مضمون سے نورِ نظر ہو جائیگا
خط پڑھیگا کون اگر نامہ بر ہو جائیگا

رشک کے مارے زمرد کہائیگا ہیرکا تنگ
کانگا نندہ اگر عالی گہر ہو جائیگا

ہڈیونکی لکڑیونسی دیگ سینہ گرم ہی
مطبخِ عالی مرا سوزِ جگر ہو جائیگا

سحر کاری حسن سے اس عاشقِ جانباز پر
ہی تعیین دیوار پر دیکھی تو در ہو جائیگا

تختِ مضمون جو زیبندہ ہو وہ شاہِ حسین
مصرعِ دیوان ہمارا تاجِ سر ہو جائیگا

ہتی کہتی مشق تجھہ کچھہ بڑہ گئی ہی فکر سے
ایسی ہی بیتو مین کچھہ وصفِ کمر ہو جائیگا

شامِ گیسو مین پہنسا ہون مین قریبِ روز ہی یار
رات بھر مین حفظِ قرآن سر بسر ہو جاینگا

خوب ہی مجھہ سوختہ کو شغلِ شعر و شاعری
شعر ترسے نام اپنا بیشتر ہو جاینگا

شغلِ شعر و شاعری ہتا ہی اَن رُوز بہت
نام ای اختر تمہارا بیشتر ہو جاینگا

[illegible]

خضر اِس دشتِ جنون مین چار سو بہٹکا کیا
پای وحشی سی بیابان عمر بہر کہٹکا کیا

کانٹی بالی سی دل چہد چہد گیا ای لالہ رو
ناک کا تنکا ہماری آنکھہ مین کہٹکا کیا

رہنما ہو جای اب دشتِ عدم مین فکرِ رخ
خضر بہی آیا تو میرے راہ مین بہٹکا کیا

کیا کہون کس ناز سی اونکو سلایا رات بہر
ہاتہہ ڈنڈی بن گئی پر دا چہپر کہٹکا کیا

سیری بازو دہر بیٹھی داربانون کی وہین
تذکرہ دروازی پر اوسنی جو جو کہٹکا کیا

صبح ہوتی ہوتی اس نوشاہ کے آب کیا سنی
پہر عروسِ شب نی پردہ اوس سی گہونگہٹ کا کیا

کیا

کیا کہوں شوق کا جب تذکرہ ہاتھوں کی حنّا کا چھٹ گیا

کیا کہوں ما گیا اپنی بلا وشی میں آپ

صبح کو پھر تذکرہ راتوں کی کھٹ پٹ کا کیا

اتنی ہی محفلمیں بھی ماروں طمانچے آپکو

کرنک شبتاب سا زلفوں میں دل لٹکا کیا

جب وہ پہلا چوتھی میں موباف ڈالا یار نے

کیا کہیں ہم آن پڑتی پاس آہٹ کا کیا

غیر کی آواز سنکر ڈر سے اوس جا جان ہے

مار زلف یار شب بھر کان پر سٹکا کیا

پیچ دی کی بنایا گیسوی شب تا بکو

فکر مضمون کو کمر کا یار کی پٹکا کیا

ایسی ہمچشمی ہی میں کیا نذر دو ان فرمائے

رات بھر مار سینہ لفوں میں سر پٹکا کیا

من بنایا چہرہ معشوق سا پاھن نہیں کبھی

گالیاں شب بھر ملیں موقع جو کھٹکا کیا

شرمگیں ہو کر پھری سب اوسکی گھر سے نامراد

چھو لیا اختر نے جسم صاف غصہ آگیا

اوتنا جامہ پھاڑ ڈالا ہاتھ بھی جھٹکا کیا

## بحر مجتث مخبون

جو شب کو بام پہ وہ ماہ بی نقاب آیا
نہ آنکھ چار ہوئی اسقدر حجاب آیا

خمار بڑھ گیا جب ساغرِ شراب آیا
مجھی یقین ہوا دل مین آفتاب آیا

دلِ برشتہ مجھی عاشقونکا یاد آیا
جو بزمِ می مین مری سامنی کباب آیا

بھلا سلائیگا کیا کوئی مجکو قصہ خوان
سلایا پہلی کہانی کو پیچھی خواب آیا

کچھ ایسی اوسکی پڑا نام کو بھی نم نہ ملا
چمن مین رنگ کیا رشکِ آفتاب آیا

گلاس توڑ نہ ڈالی صراحی چور نہو
الٰہی خیر ہو وہ مستِ بی حجاب آیا

خدا بچائی کرونگا نہ اب سوال دگر
ہزار مکر پہ ہر بات کا جواب آیا

کہان تلک یہ جفا اور کہانتک یہ ستم
حسینو چونکو خدا بر سرِ حساب آیا

عجیب نیک طبیعت تھی رندِ مشرب کی
شراب بہہ گئی اور ساغرِ پر آب آیا

وہ ناتوان ہون مین خمخانۂ زمانہ مین
گلاس صافکی جا ساغرِ حباب آیا

الٰہی خیر ہو بلبلونکی باغِ عالم مین
شکار کھیلنی صیاد کا سحاب آیا

شعاعِ رخ سی جلی چشمِ غم سی صید ہوے
سیاہ گیسو ونسی دلمین پیچ و تاب آیا

عجب طرح کا وہ شہسوارِ عالم ہی
کہ پیشوا ہی سی گہوڑیکو اضطراب آیا

اکرتی پہرتی ہین صیاد باغِ عالم مین
خزان چمن سی گئی عالمِ شباب آیا

سیاہ بال جوانی مین رنگ دیتی تہی
ضعیفی ہنستے ہی کیون موسمِ خضاب آیا

بدونکی واسطی ہر جا بدی نمایان ہی
زمین گہستی ہی مُردیسی یہ عذاب آیا

ہر ایک آرزو رہ گئی تمامی مین
ہر ایک ہوس کو زمین مین تَمَن جاکی داب آیا

نہ دورِ می مین رہا گر تخلص اختر ہی
پیو پیو اسی یہ ساغرِ گلاب آیا

## فاعلاتن فاعلاتن — بحرِ رمل مثمن محذوف — فاعلاتن فاعلن

آپکی زلفِ سیہ سایۂ ابر ہا کر دیا
میری آہِ دل نی گیسو تیرا کالا کر دیا

گھری گھری اشکونسی صحرا کو دریا کر دیا
سوکھی سوکھی آہونسی دریا کو صحرا کر دیا

اور کیا اعجاز ہو گا ای مسیحائی مان
سیپیوں میں آنکہہ کی موتی تو پیدا کردیا

کون ڈہونڈہی کون اسکی جستجو میں ہو خراب
ہم نی مضمون کمر کو آپ عنقا کردیا

ختم ہی ای نازنین تجہپر نزاکت واہ وا
پاؤن کہکر سنگ کو رنگی کا لا کردیا

واہ ای ترک جہان تو قاتل عالم ہوا
تیغہ لیکر سر وہیں ڈالا کردیا

ہٹہن گئی دلپر امید روز فردا اب نہین
کیا قیامت اوس خدا نی قد و بالا کردیا

بزم عیشان میں وہ نی قدر اب اٹہ جائنگی
پوست کی ڈورن نی افیونی کو لالا کردیا

عشق بت موقوف کر حسرت بس اب تو شکر کر
جا لیکی کرتی نی اب آنکہوں میں جالا کردیا

کیا انداز ہی ای باغبان باغ میں گل کا
یقین ہی اک نظر دیکہی تو دل ٹکڑی ہو بلبل کا

سرِ نرگس تو مارِ زلف ہی بل کہا یا کرتی ہین
سرِ چشم سیہ یا جال پہیلا ہی سنبل کا

کبھو ہی چوٹیونسی تازیانی کیون لگاتی ہو
پڑا ہی لیٹ ہی دستار پر ہی داغ کاکل کا

رقیبِ روسیہ بازِ زنخدان تو ڈلیونگی
قناعت سیب پر کر کی ذرا چکہا تو گل کا

کرن سورج کی جلتی ہی رخِ مہتاب کہٹتا ہے
مہ خور کو جلاتا ہی ترا عالم تجمل کا

مقامِ عشق مین کب [illegible]
اوٹہہ ای دل اب نہین موقع رہا صبر و تحمل کا

بلاتا ہی کبہی اختر کو غیرونکو اوٹہاتا ہے
ستاتا ہی کبہی قمقم کہین موقع ہی قلقل کا

لچبائی سی نازک ہی اے جان بدن تیرا
اب چہو نہین سکتی ہم پہولا یہ چمن تیرا

آنکھین ہی نرگس ہین رخسار تری گل ہین
چہوتا ہی ہونٹہونکو یہ سیب ذقن تیرا

ناخن ہی سورج ہین اور چاند ہتیلی ہے
آئینہ خود رو ہی شفاف بدن تیرا

دندان تری موتی ہین خورشید سا ہاتہا آئے
در جہڑتی ہین باتو نمین ایسا ہی دہن تیرا

عاشق لب رنگین کی بوسو نپہ ہوئی مائل
حصّی مین لگا سبکی یہ ملک یمن تیرا

اینڈا ہی عبث قد سے باغی ہوا گلشن مین
کچہہ پاس نہین کرتا یہ سرو سمن تیرا

اوس سی تجہی نفرت ہے اغیر وسی محبت ہے
کب بہائیگا اختر کو ایجان چلن تیرا

## بحر رمل مثمن محذوف

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

مین تو ہون سلطان مضمون مجہسی تو کیا جائیگا
شعر گوئی سی مری خاقانی شرما جائیگا

محفلونکو خلوتونکو رو کی پانی کر دیا
مین جہان جاؤنگا میری ساتہہ دریا جائیگا

ای مسیحائی زمان بیمار کی تدبیر کر
موت سی بچ جاؤنگا گھر مین جو تو آجائیگا

بام کی اوپر چہپر کہٹ نی عجب عالم کیا
آج کل کوچی سی عاشق کا جنازہ جائیگا

خانہ خارِ غمسی بڑہ جاویگی عزت نہ رہے دیا
دست پائی عشق سی دامان صحرا جائیگا

اى فلک چند ى فراق يار مين ركهاجو اور | ساکنان عرش تک اپنا نه لا جانيگا
شعله رخسى جلائى کى عبث تدبير هى | دل توهى خود سوخته کيونکر جلايا جائيگا

کوى جانان مين چلو اختر تماشا ديکهنى
وحشى اک زنجير گيسو مين پهسايا جائيگا

## بحر رمل سالم

وصل کى شب جب لگى مهندى همارا خون هوا | دل همارا خون هوا جب پائى گل گلگون هوا
مار زلف يار کى آگى نه کچهه افسون هوا | دست رنگين سى بنا نا زلف کا شبخون هوا
رفته رفته هوگيا اتحاد حسن و عشق | غير سى آنکهين چرائين آپ پر مفتون هوا
اى فراق يار تن مين هڈيان باقى نهين | کچهه خبر بهى هى تجهى ليلى کو ئى مجنون هوا
طالعون نى پست کى آخر بلندى حرص کى | دفن همراه خزانه آپ بهى قارون هوا

کوه و صحرا جل گئى کس سوخته کى آه

آخر اب کہلا ای یار تو مجنون ہوا

درد و غم عاشق غمگین کا ساماں ہوگا
راحت دل سبب رنج فراوان ہوگا

دہن تنگ سی کی عوض جو ٹکرا
لب شمشیر لب زخم سی خندان ہوگا

فصل گل مین نہ لگیگا کبہی دہجی کا پتا
پہر نہ چولی نہ گریبان نہ داماں ہوگا

محفلین چہوڑ کی بہا گینگی حسینان جہان
گلشن دہر مری آہ سی ویران ہوگا

جانکی جان بہی لیتک کہین ایجان جہان
منتین کرتا ہون اس جان پہ احسان ہوگا

کم نہین مہر سی کچہہ روشنی داغ جگر
لخت دل سی مری تربت پہ چراغاں ہوگا

حسن غم در رفتہ پہ مغرور نہو غافل دہر
رتبۂ شاہ و گدا حشر مین یکساں ہوگا

مسند حسن مزین ہی تجہی رشک پری
افسر عشق مرا تاج سلیمان ہوگا

زہر کہا جائینگی دنیا مین حسینان جہاں
گیسوی یار اگر رخ پہ پریشان ہوگا

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن

پھر گیا سر طلبِ وصل سے اختر چپ رہ
سن چکے سن چکے صاحب وہی ساماں ہوگا

## بحرِ رمل مثمن محذوف

ہمسفر خالی چلی گیا عید مین غم ہو گیا
عشرۂ ذی الحج مین ماتم تھا محرم ہو گیا

کس سلیمان جہان سے سکۂ الفت ملا
کونسا جاری زبان پر اسمِ اعظم ہو گیا

درگذر صیاد اس وحشی سے ہین دم ہین
دام مین یہ دمبدم آیا تو بیدم ہو گیا

نوبتِ فتح و ظفر سے سینہ کوٹینگے رقیب
اب لوائے عشق فوجِ حسن پر خم ہو گیا

حرفِ سکہ کیطرح مین جائے زرین ہوا
کیا مٹیگا داغِ دل یہ نقشِ خاتم ہو گیا

کیون ڈراتا ہی او بھرکا ہی جہان پر زلزل
کیون مٹاتا ہی ہمارا نام رستم ہو گیا

انقلابِ دہر بدلا ہین پر بل گیا
صورتِ غم مجھسی ہی مین صورتِ غم ہو گیا

طعمۂ زاغ و زغن ہونگی حسینانِ جہان
خُم بکفِ زیرِ زمین ادنی سا اک جم ہو گیا

پھر خیالِ زلف مین پیچ داغِ دل سونلا گئے
خشک کا مرہم ہری خمونکا مرہم ہو گیا

بدنصیبی میرے جائینگی نہ روزِ حشر تک
جامِ شہدِ صاف اگر ہاتھہ مین سم ہو گیا

عشقِ معشوقِ حقیقے مین مزا ہی شاہِ حُسن
اک گدا ادنی سا ابراہیم ادہم ہو گیا

کوہِ مروہ تک پہنچ جائینگی ہم ہی باصفا
آب اس چاہِ ذقن کا آبِ زمزم ہو گیا

کونسی بدخواہ اختر اونہین بہکا دیا
آنا جانا آج کل اونکا بہت کم ہو گیا

رفتہ رفتہ ہمسی اب صفِ کمر ہونی لگا
نخلِ قامت بی ہمارا بی ثمر ہونی لگا

پھنس گئی دنیائی ہزن مین ہزارون مالدار
بی خبر تجکو عبث خوف و خطر ہونی لگا

دیکھہ لینا پھر گلی سی اِسکی چہرہ یکی تیزیان
پھر تجہی مرغِ سحر وہم سحر ہونی لگا

قائلِ حُسنِ بتان کیونکر نہو سارا جہان
تذکرہ صورت کا صاحب و بدر ہونی لگا

رشک کی ماری زمرد خاک مین ملجائیگا
کانکا سبزہ بھی اب اعالی کی گھر ہونی لگا

کیونجی کیون بھر گئی گالیان کہانکی صورت بن گئی
لطف غیرون پر مری پیش نظر ہونی لگا

گفتگوی عشق سی کیا جابجا رسوا ہوئی
تذکرہ میرا تمہارا دربدر ہونی لگا

کب کی اخترؔ سی تیغ ابروی جانانکی چوٹ
سامنی تلوار کی دل پی سپر ہونی لگا

گوش مینوش مین سوئی کا جو بالا دیکھا
جلوۂ حسن صنم ہمنی دوبالا دیکھا

عارض سرخ پری چہرہ پہ کالا دیکھا
شبکو ہمنی اثر زلف چلیپا دیکھا

سرو یاد آیا جو اوسکا قد بالا دیکھا
یا قیامت پہ یہ قد ہمنی دوبالا دیکھا

چاند کو ہمنی رخ زخم پہ ہالا دیکھا
قاتلا آج تو اس زخم کو آلا دیکھا

روئی فرقت مین تو ہم سمجھی کہ دریا دیکھا
آہ ان آہونسی گلشن کو بھی صحرا دیکھا

مردِ میدانِ شجاعت کو صف آرا دیکھا
جمد ہر و تیر و کمان خنجر برّاں دیکھا

برقِ رخسار کا سینی پہ شرارا دیکھا
آپکی چوٹ پڑے دل کو گوارا دیکھا

گلشنِ دہر مین اوسکا قدِ بالا دیکھا
سرو آزاد چمن ہنسنے و بارا دیکھا

عارضِ زرد پہ بہ جو گئی آنسو سرخ
ربط و اسلوب بھلا راورخ آنکا دیکھا

نہ کوی معجزہ دیکھا نہ کرامت پائے
ہمین زندہ کیا قاصد کو مسیحا دیکھا

نہ ملی پر نہ ملی مستی طبیعت صاحب
دلِ اختر نی بہت لطف و مدارا دیکھا

## بحرِ مضارع مثمن اخرب

جسمِ حضور تختۂ گلزار ہو گیا
داغوںنی بندہ دیکھتی زردار ہو گیا

آہوںنی جسمِ زار شرربار ہو گیا
بجلی سے دل لگا تو اثربار ہو گیا

کافر او دہر جو بستۂ زنار ہو گیا
بندہ یہ بات سوچکی دیندار ہو گیا

جام شراب وصل سے سرشار ہو گیا
کیا بیخبر کٹی تھی خبردار ہو گیا

جو اوسکا چشم دل سے طلبگار ہو گیا
بیشک خدا اوسیکا مددگار ہو گیا

سچ ہے کہ تو طبیب دل زار ہو گیا
بندہ یہ سنکی حسن کا بیمار ہو گیا

ہر صبح و شام لیتا ہے آکر خبر ہما
کچھ درد ہڈیون مین جو دلدار ہو گیا

کسکو خبر تہی زلف حسن بتان کی ہما
بن شرع عشق مین بیکار ہو گیا

محفلمین حال پوچھکے بلوایا کیجیے
دہوکی مین اپنی یارسی ہتیار ہو گیا

سینہ سپر بناتا ہون مین دو رو سے
پلکونکا بھالا آپکا ہتیار ہو گیا

اک در ہی بند لاکھہ کہلی ہین جہانمین
جاؤ اجی نہ بولو خدا یار ہو گیا

ممکن نہین کہ جان بچی پیچ و تاب مین
سوتا رہونگا زلف سیہ مار ہو گیا

ایک آیا ایک اوٹھہ گیا ایک بیٹھا ایک کھڑا
گھر آپکا معاف ہو بازار ہو گیا

ترک محبت معشوق ہو چکے

اختر بہی ابتو عشق سے بیزار ہوگیا

| مفاعلن فعلن | بحر مجتث مخبون محذوف | مفاعلن فعلاتن |
|---|---|---|

شروعِ حسن کا بیمار اک زمانہ ہوا
فراقِ یار مجہی موتکا بہانہ ہوا

بنا ہی مصرعۂ دیوان ہمارا نو دادا
عروسِ فکرِ معانی کو پہر بہانہ ہوا

تشکم کمانکا خالی ہوا محبت سے
پلک کا تیر بنا اور دل نشانہ ہوا

وہ میرزا انش انگلی درمی ہین کبہی
گلوی شیشۂ مہر فلک جہکا ہوا

کبہی بنچۂ شل سی کہلی گا یہ عقدن
کہانکا زلف مین پیدا یہ شانہ ہوا

شعاعِ رخ سی در و بام ہوگئی روشن
مثالِ آئینہ میرا غریب خانہ ہوا

چہٹا نہ مرکی بہی دل سی خیالِ الفتِ دوست
ہمین تو آخرِ قسمت سی یہی آزمانہ ہوا

بسا ہی جاتا ہی نگین صورتو نپر دل
زبانِ زخم جگر کو مزہ چکہانہ ہوا

نہ آب زلف سی نکلا نہ خالِ رخ سی چہٹا
مری نصیبو نکین ایسا ہی اودبانہ ہوا

کبھی اسیرِ زلف اور گاہ قیدیٔ رخ
اب اپنی دل کو پریرو کو مین جھکانا ہوا

زبانِ غیر سی پڑھوائی عاشقانہ غزل
کبھی اوسی دلِ اختر اگرچہ دکھانا ہوا

فنِ عشق ماہ مین اب بڑے کامل ہوا
پندرہ دن سرکشی کر کی بہت حاصل ہوا

پھر جوانانِ چمن کی ہوگی مقتل مین بہار
گلفشان پھر سب پہ نخلِ تیغ سی قاتل ہوا

شانہ کر کی گیسوے رخسار و پہ کیون بکھرادی
آئینو مین بال ڈالی اس سی کیا حاصل ہوا

چار چیزین بانیِ انسان مین آ کیا ہو گیا
پانچوان عشقِ صنم عنصر مین کیون داخل ہوا

آبِ دندان جوہریکا جب مجھی یاد آگیا
ماہیِ بی آب کی مانند اب بسمل ہوا

اوسکو غرّا ہی نہین میری برابر دوسرا
تیغ ابروسی دلِ اختر بھی اب گھایل ہوا

## بحرِ رمل مثمن مخبون محذوف

فاعلاتن فعلاتن فعلن

چاکِ دامن سے ملا چاکِ گریبان اپنا
آگئی اب دیکھئے کیا ہو سروسامان اپنا

فکرِ بدانسی جو دیوانہ مین بہری ہین موتے
پاس کرنی ہین بہت لعلِ بدخشان اپنا

حقّا نیکو مناسب نہین یہ بند مکان
دل کہلائیگی بہت سیرِ گلستان اپنا

کانپ جاتا ہون جو سُنتا ہون کہ وہ گھر تنہا ہین
دل لرزتا ہی بہت بھرِ زمستان اپنا

سروقد یادِ رخِ یار سی کہل جاتی ہین
صرصرِ غمسی خزان ہی چمنستان اپنا

سرد مہری نکرو گرم کرو پہلو بھی
کیا یونہین گذریگا ایجان زمستان اپنا

جلہتا رہتا ہی انؔ وزون مضامین کا بہت
طائرِ شمس پہ اوڑتا ہی پرستان اپنا

لاکہہ صورت سے اسی وزین سمجہاتا ہون
اب نہین مانتا اپنی دلِ نالان اپنا

صید تیر سرِ مژگانکا جو آتا ہی خیال
لوٹ جاتا ہی وہین یہ دلِ بریان اپنا

ہین تو سردارِ شہیدانِ جہان ہم عن قاتل
پاس کرتا ہی بہت گنجِ شہیدان اپنا

در دِ سر ہی نہین چھو کہٹ پہ وہین جائیگی
نہ ملا پر نہ ملاپ سے درمان اپنا

تا کمین ہتی ہین ہر روز یہان موید سے ستقا
کم نہین مجھ سے ہر گز دلِ سوزان اپنا

اسی گلزار کیا اوسمین مجھ سے مین گا ٹوٹ
کیون نہ تاراج رہی باغ و بیابان اپنا

نہ دیگی چھوٹ گی یہ جائیگی جل جا نینگے
سر دہنا کرتی ہی پھر شمعِ شبستان اپنا

پاون پہلا نیکو دیتا نہین پھوڑے اُٹھین
کیا بُرا نام کیا گست ہجر گردان اپنا

بوسی او مصحفِ عارض کی اشارہ سے ہے
جسکا جی چاہی پڑہی وقف ہی قرآن اپنا

چاندنی مین مرا خورشید نکل آئیگا
منہ دِکھانا نہ اوسی اہی تابان اپنا

زندہ سب گا گذر ہتو تا پہت جائین سب
دین پوشیدہ کرین گبر و مسلمان اپنا

افسرِ داغِ جنون تختِ بیابان پہ ملا
ڈہنپ گیا تاجِ الم سی سرِ عریان اپنا

باغبان توڑ نہ لی چونچ نہ بلبل کی لگے
ابتو پوشیدہ کرو سیبِ زنخدان اپنا

یوسف ہر ہی تو او رہ کنعان سے ہے تو
ایعزیز آج تو دی چاہِ زنخدان اپنا

خاک جیحانی ہی بہت رشک سی گلزار زمین
اخترِ زار کہان ہی گلِ خندان اپنا

[illegible]

دلِ زار کو رشکِ بہار کیا تجھے بھی ہمارا الم نہ ہوا
رخِ یار مثالِ ہزار کیا نہیں باقی کوئی جو ستم نہ ہوا

یہ خزانہ ہی ہوا اثر کو مری بلا نور تو رشکِ قمر کو ہوے
بلا کونسا داغ جگر کو مری کہ جو لمین بجا ہی درم نہ ہوا

جو غنی تھی گدا ہی وہ ہوئی جو فقیر تھی حسن میں طاق ہوئی
پڑی صدمی ہمیشہ شاق ہوئی الم یار میں اسکا اثر نہ ہوا

دلِ زار جو عشق میں زار ہوا نہیں راہ دو سی نیکی خبر بھی ذرا
رہا دیر ہی میں ارے بت میں صدا کبھی آنکھی شیخ حرم نہ ہوا

تنِ زار کو عشق کا داغ دیا مری لگی بھلنی کو باغ دیا
مجھی ہم میں جام و ایاغ دیا مری جلنی کا تحکم الم نہ ہوا

پھری مرغِ سحر کی گلی پہ چلی وہ میں آ قضا بھی تو پھر ٹلی
یہ چھپا و نگار زخفی و جلی مری یار کا مجھ پہ کرم نہ ہوا

مری منہ میں زبان نہیں شکر خدا سنو قابلِ گریہ ہی حال مرا
بڑی آگی کی دیکھی جو رنج و جفا و ستم جو قدیم تھا الم نہ ہوا

کبھی کو جو نبھانہ کری تھی ہم سو وہ آن پڑا تری زیرِ قدم
تری سر کی قسم تری پا کی قسم کسی اور کی آگی یہ خم نہ ہوا

دل وجان سی فدا تھا جو تجھپہ صنم گیا عشق مین وہ سوی ملک عدم گیا
بھلا اوسکا شکوہ تو کیا کرین ہم مرینکا تجھکو ہی غم نہوا

گر اب اختر زار تو بند دہان ہین منہہ مین تو قائل شعر ان
اوٹھی یاس ہی ہاس سے گریہ کنان تر ہی لیہ ہی کیا کیا الم نہوا

وصل مین دیکھہ تپ ہجران آخر کام تمام کیا
یاد مین قد کی آہین کھینچین دار پہ جاکی مقام کیا

عشوہ و غمزہ ناز و ادا شوخی و چستی چالاکی
سبنی بلکہ دیکھہ چکی آغاز کا کیا انجام کیا

کس بلبل کی دلکو جلایا کونسی بیکل کلی ہوئی
اتنی دیر رہی گلشن مین لو کیا کام کیا

محفل عیش مین خوب بنایا سامان منیخوار کا واہ
شیشہ میری دلکو بنایا چشم کو اپنی جام کیا

وصل سی خوش کرو اختر کو دل زار ہی اوسکا الم مین پھنسا
تیر مژہ دکھلا کی اوس وحشی کو تمنی رام کیا

پھر موئی بدن زلفِ گرہ گیر مین الجھا
چھری سی جو نکلا تو شبِ قیر مین الجھا

جی چاہا کہ مضمون کی بلائین وہین لی لون
کلکِ سرِ انگشت جو تحریر مین الجھا

پھر روشنیِ طبعِ رسا اپنی بڑھی گے
پھر شمع کا سر آگ کی گلگیر مین الجھا

پھر دل نی مری سلسلہ جنبان کیا مجکو
غل پڑ گیا پھر زلف کی زنجیر مین الجھا

ابرو کی نظر جا پڑی پلکون پہ جو صنم کے
نکلا جو کمان سی یہ دل تیر مین الجھا

وصفِ خط و عارض مین زبان گنگ ہوئی بس
اس مصحفِ ناطق کی ہی تفسیر مین الجھا

پہونچا کی دہن دل نی لیا تیغ کا بوسہ
رومال جو شمشیر کا شمشیر مین الجھا

اختر تری غزلون پہ ہلالی بھی فدا ہے
فرہاد بھی شیشۂ تقدیر مین الجھا

طفلِ مکتب نی سرِ مرغ منوّر توڑا
خط بھی پڑ ہی گیا اور دل بھی برابر توڑا

سخت جانی سی یہ تلوار بہی عاجز رہی آے
میری گردن پہ نہ جلاد نی خنجر توڑا

دام صید رسی بہی در گوا و کہار ون ای بہت
دیکھہ لی ایک نی جاکر در خیبر توڑا

کیا مرتب ہوا اوس سیم بدن یار کو آ
مچھلیان کانو نمین اور سینی کی ابر توڑا

باغ عالم مین ملا نخل محبت کا یہ پہل
یعنی اوس سیب زنخدان کو جا کر توڑا

قابل صید محبت نہ رہا مرغ دلن
دل نازک تو مرا تو نی ستمگر توڑا

روتی روتی جو ذرا آنکھہ نی آنسو دے
جنس کا ہو گیا ہر شہر مین گہر گہر توڑا

تیغ ابرو سی جگر کی ہوی ٹکڑی ٹکڑی
تیر مژگان نی ہمارا تن لاغر توڑا

باغبان بہشتی ہین خضر بہی کہلا جاتا ہے
رقص کا لیتا ہے جب سرو صنوبر توڑا

چاک چاک اپنا گریبان نہوا تہا سو ہوا
وحشت دل کا سامان نہوا تہا سو ہوا

| | |
|---|---|
| رخ ترا آتش سوزاں نہوا تھا سو ہوا | دل مرا شمع شبستاں نہوا تھا سو ہوا |
| ابر مجہہ پر کبھی گریاں نہ ہوا تھا سو ہوا | گھر کبھی خانۂ زنداں نہوا تھا سو ہوا |
| چمن عشق بیاباں نہوا تھا سو ہوا | زخم دل خوردہ نمکداں نہوا تھا سو ہوا |
| زرد رنگ رخ جاناں نہوا تھا سو ہوا | دل کبھی طفل دبستاں نہوا تھا سو ہوا |
| باخدا دیر مین رہباں نہوا تھا سو ہوا | کافر عشق مسلماں نہوا تھا سو ہوا |
| جور جو گنبد گرداں نہوا تھا سو ہوا | دل کبھی گنج شہیداں نہوا تھا سو ہوا |
| رخ انورسی مین حیراں نہوا تھا سو ہوا | کبھی ای زلف پریشاں نہوا تھا سو ہوا |
| ظلم و جور ای شب ہجراں نہوا تھا سو ہوا | خانہ گور مین مہماں نہوا تھا سو ہوا |

چشم انصاف سی طوفاں نہوا تھا سو ہوا

دل اختر چمنستاں نہوا تھا سو ہوا

نورِ دل عقدِ ثریا مین جو پایا نگیا
مر گیا ہجر مین داغ او تہا پا نہ گیا

عشق کا حرف کبہی منہہ سی سنا یا نگیا
جگرِ عاشقِ دل سوز جلا یا نگیا

ٹہوکرین کہاتا بہلا سامنا کیونکر کرتا
پاؤن شل کبک کے تہی راہ مین آیا نگیا

خوابِ غفلت مین پڑی ہی گوشِ رقیب
بختِ بیدار کو عاشق کی سولا یا نگیا

زہر پلوا دیا زلفو نسی چہوا کر مجکو
تجسی امرت کا نوالا ہی کہلا یا نگیا

ہاتہہ مل مل لئی اوس فتنۂ عالم آہ
عطرِ مجموعہ سی مجکو جو بسا یا نگیا

جس ستی کام جو اچہی پڑا تہا گیا
تیرِ مژگان کبہی تو دیہہ لگا یا نگیا

کیسی جلاد مین تب ہی سیہ تو دل نازک
مردہ گنگا مین بہی ہند کا بہایا نگیا

کوچۂ یار مین ڈہونڈہا بہت اختر مینی
ایسا کہویا کیا دل مر کہ پایا نگیا

سمجھتی ہین جسی افلاک خانہ ہی مری دل کا / لگا ہی دود رجا کر آشیان غم عنادل کا

رہا کرتا ہی دست فیض جاری ہمیشہ قاتل کا / پڑھو اپر پچھوا ہٹ ہی کی رہنہت وبال بلکا

تڑپ اور بیقراری ہی تر مقتول مین اتنی / پڑا ہی برق پر شاید کہ پرتو حال بسمل کا

اوڑا دون رنگ مضمونکو مین نیچ کر کی عالم مین / دکھا دون طائر مضمون مین عالم نیم بسمل کا

بچاو کشتی تن بحر آتش سی او بہار و بہی / علی ابن ابی طالب پڑا ہی کام مشکل کا

عجب کیا زاہد اتیر عبادت سی ہو جاوی / پڑھا مثل کلام اللہ سیپارہ مری دلکا

ادا سی رعالم کو نگہہ سی قتل کر ہمکو / دکھا دی قاتلا مقتل مین سبکو رقص بسمل کا

ہوا ہون داغ عذار ایسا کہ اند ہو گئی مہرو ہی / مٹا دیتا ہی دل عالم فروغ ماہ کامل کا

غرور اس حسن پر جتنا کرو تم زیب دیتا ہی / نہین دیکھا کوئی عالم مین اس شکل و شمائل کا

ہوئی ہین سی آہ کی طیار لیلا کی ہوئی محمل / بنایا چاک دل سی ہمنی پردا اسکی محمل کا

بہت نظروں مین اوس لیلی شمائل کی در آیا ہون
پتا پوچھا کری صحرا مین مجنون میری منزل کا

پری کیطرح عاشق ہی یہ ستا جائیگا کیونکر
یہان کچھہ کام ملّا کا نہی کچھہ کام کامل کا

تڑپ کر جا ہی بچھیگا مین عین قتل مین اوس تک
مرا کیا جائیگا گر ہاتہہ دکھیگا تو قاتل کا

مین مشتاق اجل ہون کاش گردن تک مری آئے
دہان زخم خندان سی کرونگا شکر قاتل کا

اعانت بہر آخر چاہیئی محزون و غمگین ہی
تمہین کہولوگی حیدر انگر عقدہ بہی مشکل کا

گالو پہ جو اوس یار کی بالا نہین رہتا
دنکو کبھی مہتاب پہ ہالا نہین رہتا

تیری قد و بالائی قیامت بہی دکہائے
ہی کونسا دن دل تہہ و بالا نہین رہتا

ساغر مرِ المنظر جو چڑہا جاتی ہین دم مین
بجھہ رند کی ہاتہون مین پیالا نہین رہتا

تارِ نگہِ یار نہ پتلی مین سمایا
شاعر کی کبھی آنکھہ مین جالا نہین رہتا

اوڑ جاتا ہی آہو نگا دہوان ایک ہوا مین
نالان ہون نہ بائے مری نالا نہین رہتا

کوڑی بہی نہین پاس کٹاری جو بنا مین
قبضی مین سرے کا بہی مالا نہین رہتا

کیا منہہ جو تری منہہ سی وہ منہہ اپنا ملاوے
غیرت سے تری منہہ پہ وشالا نہین رہتا

اختر نی جو کہینچا تو کنارا کیا جلد سے
چل دیتا ہی جھٹ چاہنی والا نہین رہتا

گلشن دل سی جو مینے سرِ لالا کہینچا
داغ پڑ پڑ گئی جب یار کا نقشا کہینچا

حسن یوسف نی اگر عشق زلیخا کہینچا
شوقِ مجنون نی سر پردہ لیلا کہینچا

گاؤ دم آہ جو کی سرو کا دہوکا پایا
سمجھی ہم ہمقدِ یار کا نقشا کہینچا

کیا نظر پڑ گئی تیرے رخِ تابانکی جھلک
ماہ نی منہہ پہ یہ کیون ابر کا پردا کہینچا

ہم تو بیہوش اول ہین نکہو کچھہ نہ کہو
زہر ا ر سرِ محبت سارا کہینچا

بات جو منہہ سی کہا کبہی پوری ہی ہو ۔ سارا دل ٹوٹ گیا اپنی آہ کا پا کہینچا

آئینہ بن گیا آن کہلی سب قلعی ۔ کفِ پائی تری حسن یدِ بیضا کہینچا

پی گیا آنسوؤنکو خوف سی غیرونکی مین ۔ ابر کی طرحسی ان آنکہونسی دریا کہینچا

یدِ بیضا کا ملا ہاتہہ کو اوسکی رتبہ ۔ میری معشوق کا مانی نی کفِ پا کہینچا

صورتِ ابر تنک رخِ روشن پہ نقاب ۔ ماہ پر قدرت اللہ نی ہالا کہینچا

برقِ حسن آپکی گر کوندگئی بدلی مین ۔ طپشِ دل نی ادہر دل سی شرارا کہینچا

رند و زاہد سی کبہی میل نہین اختر کو
وہ کشاکش مین پڑا پہرتا ہی کہینچا کہینچا

ہماری سامنی جب شوخِ مہ لقا آیا ۔ گلی لگالین یہی دل مین بارہا آیا

پڑا ہون جان نہین تن مین جانسی آوے ۔ کہو کہو کہ کدہر قاصدِ صبا آیا

لگائی مسّی تو ابرِ سیہ چھائیں اوٹھا ۔ حنا کی پان رقیبوں کا خون بہا آیا

خدا خدا کر کے کہتے ہو گیا خدا سے ڈرو ۔ ہنسو ہنسو کہ وہ بت بر سرِ جفا آیا

کبھی تو برق سی چشمک زنی میسر ہو ۔ سنا ہے ابر کو رونی میں وہ ہنسا آیا

اوٹھو اوٹھو چلو محفل بڑہا ورا گئے ۔ غضب ہوا جو یہاں وہ جگر جلا آیا

ہزار اخترِ مہرو نثار ہوویںگے

جبین پر اپنے وہ افشاں اگر جما آیا

ہو گیا بن ملائک سے ہے تری انداز کا ۔ کیا بیاں کیجے خداوندِ دو عالم ناز کا

پھر خیال اس مطلبِ عنقا کو ہی شہباز کا ۔ صید ہو پھر نام ہوس عاشق جانباز کا

غیر کب دمساز ہونگی کس سے توتیگا ستار ۔ تا یہ جھنک گر بنگیا مضراب کی آواز کا

ماہ وا حسرتا دیکھ کے اک نفس تہہ تنگ ہے ۔ طایرِ جان کو ارادہ ہوگیا پرواز کا

ایک کو دو کر دیا ابرو نے دو سے چاڑ کے
کیا بتاؤں کاٹ میں اس تیغ خانہ ساز کا

ہجر میں ہم سوچ لیتے ہیں وصال ماہ رو
یا الٰہی نیک ہو انجام اس آغاز کا

جسکو چاہے تو لب جانبخش سے زندہ کرے
وہ طلوع مہر ذرہ ہے تری اعجاز کا

مجلس شاہ شہیداں جیسے دنیا میں ہوے
نیلگوں ہے رنگ چرخ تفرقہ پرداز کا

اپنا خمسہ منتشر ہے ہی عناصر میں خلاف
چوکڑی دم بھرتی ہے اوس آہوی طناز کا

واہ اختر میٹھی باتوں سے تجھے پھسلا گئے
تو تو بندہ ہو گیا اس حسن کے انداز کا

عارض صاف سے اوس گل کی چمن یاد آیا
زلف خوشبو سے پریرو کی ختن یاد آیا

چوکڑی بھول گئی جنکو ہرن یاد آیا
پنجتن پاک کی صدقے سے وطن یاد آیا

وصف لبہائے پریرو سے یمن یاد آیا
در ناسفتہ سے پھر طور سخن یاد آیا

عیش و راحت میں مجھے رنج و محن یاد آیا
بزم احباب میں وہ عہد شکن یاد آیا

صورت مرگ نظر آگئی رخساروں سے
دیکھ کر خنجر ابرو کو کفن یاد آیا

کاشغر کا جو منگاتی ہیں سفیدا حجاج
مجھے زلفوں کی لٹ مشک ختن یاد آیا

ڈھونڈھتا تھا کہ معمی میں بھکون اتی یار
دُر کا سوراخ جو دیکھا تو دہن یاد آیا

عشق پیتہ ہوس سیب تمنائی گل
لب رخسار و ذقن وقت سخن یاد آیا

نہ رہی گا نہ رہی گا بلد غربت میں
اختر زار کو اب اپنا وطن یاد آیا

یار سمجھے تھے مگر ترک ستمگر نکلا
تو لا الفت میں دل ترک تو پتھر نکلا

مار گیسوی سا کاٹنے باہر نکلا
زہر اس سانپ کا دلبر مری جا کر نکلا

چلو میخانہ نکو اٹھ کر کہ گئی شام خمار
میکشو مژدہ کہ خورشید کا ساغر نکلا

چوری میں تو پہلی کا بھی نقصان ہوا | بن کیا چور محل اور نیا گھر نکلا

کینتی دیسی صبا دنی کتری پر صاف | سال پر سال کتا پر نہ کوئی پر نکلا

آج میں فرق دت میں بنا شمع صفت | پھر قلم کرسی لی یار م اسر نکلا

جاری جابس یہی انصاف کیا کرتا ہے | بیخبر جیب نا ہے گھر سی ہٹی باہر نکلا

دل سوان سی مری تمنین ہو گئی فسا | مجمر سینہ میں کیا گرم یہ اخگر نکلا

کیا کہیں اپنی نظر جو کگئی اِبْحا پر
جانتی تھی جسی مہر وہی اختر نکلا

دنکو بی یار کی ہی یو شب تار گھٹتا | کیون ڈرا تی ہی مجھی انگی ہر بار گھٹا

جلسی دل کم ہوئی ہر طرح کا بازار گھٹتا | اپنی نظر وںسی مجھی تو تو نہ ای یار گھٹا

فکر مضمون سی اگر کلک شر بار گھٹتا | غم و اندوہ کی چھا آئی وہیں یار گھٹا

پرنور میرا خانۂ دل ہی چراغ سی
روشن ہی داغِ عشق تمہارا دیا ہوا

مرہم کوئی لگائی جو دو چار داغ ہوں
اختر کا تن تو سر سی ہی پانؤ تک جلا ہوا

جب دوات و خامہ کو گھر کا ختن ملجائیگا
جب کبھی شنگرف [illegible] ملجائیگا

گرمئ دل سی فروغِ شعر بھی بڑھ جائیگا
بہوت نکلوگا جو شمعِ انجمن ملجائیگا

عالمِ غربت کی ہمکو سیر ہووےگی نصیب
بیوطن ہو جاؤنگا جب تیرا تن ملجائیگا

کہاں کھو دیگا بہت اِی باغبان گلزار میں
کج کلہ غنچہ ہو جب گل پیرہن ملجائیگا

طوق گردن میں مثالِ فاختہ کیوں ڈالتی
علم کیا تھا سرو سے سیبِ ذقن ملجائیگا

جوشِ وحشت ہی تمیزِ مرگ اب کسکو رہی
پہاڑ ڈالونگا اگر ذکرِ کفن ملجائیگا

ہفت کوکب کا اثر ہی ساتوان ہنس ہوا
آہ و زاری درد و غم رنج و محن ملجائیگا

کیا ہوا غیر وںسی ملنی کی جو کہاتی ہو قسم
محفلوںمین ٹوک دونون جب وہ سجن ملجائیگا

پاؤں پہر کبک دری گرگر پڑینگی راہ مین
رام کریگا اوسی بہی گر ہرن ملجائیگا

وہ قدِ بالا ہی اپنا قلم ہی بار دار
کلکِ مضمونسی مری سروِ چمن ملجائیگا

تختِ غربت کے کہین بہتے ہیں کاسہ فقر کا
بہیک مانگینگی اگر اپنا وطن ملجائیگا

شعرگوئی کا مزا اختر مین بالکل آچکا
مطلبِ دل ہی بعشق پنجستن ملجائیگا

میخانہ مینوش مین جانا نہین ملتا
مخمور کو آب اور ٹہکانا نہین ملتا

غیر آئی جو در پہ مین جانا نہین ملتا
کس منہہ سی پہرین ہم کہ بہانا نہین ملتا

اوس سی جو الگ ہون تو سہی دوست ہین اپنے
اوس سی جو ملا مین تو زمانا نہین ملتا

لختِ دلِ صدچاک کی فرقت مین غذا ہے
زندان مین بجز غم کوئی کہانا نہین ملتا

بہہ جاتی ہین دل آبرو ان و تابی غم مین
برسون اوسی دریا مین نہانا نہین ملتا

مضمون دُر دندانکی مسلسل جو بیان ہین
اب سلک دُرِ نظم مین دانا نہین ملتا

غم مثل صبا سا انکے ہمراہ درا یا
ہمکو تو نوا الاہی چبانا نہین ملتا

ای شیر خدا اختر غمگین کے مدد کر
شاعر کو کہین اور ٹھکانا نہین ملتا

[illegible]

تم گلی سی مل گئی اگر دل اپنا ٹرہ گیا
کیا کہتا صاحب کا مین بند یکا کیا ٹرہ گیا

امتحاناً کبھی کستا خو نسی اختلاط
رابطہ ان پا تو مین پا گھٹ کیا پارہ گیا

رفتہ رفتہ کیا یہ اتحاد حسن و عشق
جسقدر زلفین بڑہ مین و تنا ہی دا ٹرہ گیا

قطع کرنی کرتی وحشت کے بہنی ان پاؤ تہک گئی
ایسا طول عرض مین دامن صحرا بڑہ گیا

صورت کران سیل بانین ہینکتی ہم رہ گئے
قافلہ منزل سی آگی دوستو نکا بڑہ گیا

گرا جو کوہِ الم روشنی بڑہی دلکی
صفائی سینہ و تن شکِ طور مینے کیا

ملانہ نام بہی نرمی کا سنگدل تجہہ مین
ہزار بار جگر کو تنور مینے کیا

شرف ستانکو نامِ نگین سی پیدا ہے
جب ایسے مصرع کو بیت السرور مینے کیا

خوشی سی کہات مین انکیا کی غوطی کہاتا ہون
کبہی جو ساحلِ غمسی عبور مینے کیا

اجور ہ پہلی ہی سی دستِ گورکن مین دیا
جو کچہہ کہ کرنا تہا بہرِ قبور مینے کیا

کبہی سزا نہ ملیگی وہ نیک طینت ہین
وہ خوش نہاد ہین اونکا قصور مینے کیا

ستاری چہوٹ گئے مُنہہ پہ یاجانی کی
جو کچہہ کہ کرتی تہی اختر ضرور مینے کیا

تعشق مین بڑہ کر یہہ عالم نہ نکلا
جو سمجہو تو مجنون نی مین کم نہ نکلا

نیا قافیہ ہاتہہ میرے لگا ہی
کوئی اوسکی سینی سی محرم نہ نکلا

وہ جا کونسی ہی جہان مین نہ ڈہونڈہا
کب افسانۂ اشک پرنم نہ نکلا

بہت مصرعِ سرو کو بہی کہینچا
قدِ یار سی پر وہ باہم نہ نکلا

بہت سیر کے وصل و ہجرِ صنم مین
کسی فصل مین پر وہ موسم نہ نکلا

چمن مین نہ طالع ہوا شب ہے گذرے
وہ خورشید کیا بہرِ شبنم نہ نکلا

یہ کسکی محبت کا پتلا بنا تہا
ہوا ہو گئی روح پر غم نہ نکلا

سیہ خیمۂ لیلے کا تہا بہرِ مجنون
مری موت کا کوئی ماتم نہ نکلا

عبث منعمو میکدہ کی ہوس ہے
کبہی خم بکف قبر سی جم نہ نکلا

بڑا شور پہلو مین تہا نازکی کا
جو چیرا تو خون نکلا اور دم نہ نکلا

رہا خاک کہا کہا کی اوسکی گلی مین
گنہ کر کی جنت سے آدم نہ نکلا

بہت گل کہلائی ہین الفت نے تو کیا
مری داغ کا کوئی مرہم نہ نکلا

طلوعِ محمد ہی ہو پیش اختر

ابھی تک تو خورشید عالم نہ نکلا

## بحر مجتث

صنم سمجھتا ہی کون اسکو رنگ کا ٹیکا
یہ بندیا ماتھی پہ کھینچی کلنگ کا ٹیکا

یقین ہی وہ بت ہندو ہی اسکو تو جچیگا
ہم اپنی سر کو سمجھتی ہین سنگ کا ٹیکا

ہزار بار تو کھینچا ہی تمنی رشتۂ دل
یہ گل کا داغ ہی جیسی پتنگ کا ٹیکا

مٹی نہ نام و نشان سرنوشت قاتل سے
پلک کا تیر ہی ماتھی پہ جنگ کا ٹیکا

عبث رقیب دکھنی ہین لومڑی کی طرح
یہ داغ دل ہی مرا کیا پلنگ کا ٹیکا

تمہاری سکہ زر سی بڑہی ہے قدر مرے
خدا رکھی یہ مری نام و ننگ کا ٹیکا

جبین پہ داغ عبادت ہمیشہ تابان ہو
خدا نہ زاہد و نکو دیوی بنگ کا ٹیکا

سپیرہ وجد مین لاتا ہی مار صحرائی
یہ تو نبڑی تو ہی روہی نہنگ کا ٹیکا

یہ ماتہا صاف ہے اختر ہو تو اسپہ سوا

ستارہ بن گیا اسپِ نگ کا ٹیکا

## بحرِ ہزج سالم

محبت کا یہی آغاز ہی انجام کیا کرتا
نصیحت کون سنتا او دلِ ناکام کیا کرتا

تپِ فرقت بجاتے تمسے کیونکر نبض دکھلاتا
طبیبوں کو بھلا میں مفت میں بدنام کیا کرتا

مجھے سودا تھا اوس زلفِ سیہ کا رخصتی کیا مطلب
مری تاریک خانہ میں چراغِ شام کیا کرتا

جگر جل جل گیا اغیار کا اوس گرمجوشی سے
رقیبوں کو بھلا پختہ خیالِ خام کیا کرتا

ذرا پھر کشمکش چشمِ سیہ کی اوسکو دکھلا دوں
میں ایسا ناتواں ہو کر وغنِ بادام کیا کرتا

رخِ مہوش سی ہر وقت منہہ پہلا ہی رہتا ہے
جو ہوتی گردشِ بخت آفتابی جام کیا کرتا

مری ہر روز گھٹتی تھی جاں لگی جالیتی گھر پکڑا
اوسی خود ہو گیا جنجالِ اسجا دام کیا کرتا

قبائے گل کو پھاڑا جب مرا گل پیرہن آیا
بھلا اس تنگدستی میں جامۂ احرام کیا کرتا

جلا کر پھونکتا خانۂ اغیار گرمی سی
مری سینی میں در آیا تو پھر حمام کیا کرتا

پہنچتا ہی اگر مین اوس تلک چالاک نامہ بنکے
صدا گھڑیال کی سنتا بھلا آرام کیا کرتا

یہ تصویر مبارک اس تصور کو جو بھاتا بنکے
پھر اوسکی سامنی بہزاد کا مین نام کیا کرتا

زمین پر روشنی اتنی نہین بڑہ کر وہ کیا جائے
غزل گوئی مین اس اختر کو مین نام کیا کرتا

## بحرِ رمل مخبون

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن

زور سی غیر نی اگر درِ جانان مارا
دیو نی منہہ پہ مِرے تختِ سلیمان مارا

مجھہ پہ پتھر نہ کوئی پھینکنا مجنون ہشیار
کس نے اوستاد کو اے طفلِ دبستان مارا

چاہ مین تیرے عزیزون سی چھپا اے یوسف
تیرے داغون نی مجھے اے مہِ تابان مارا

چاک کاغذ ہی قلم ٹوٹ گیا چشم ہی گور
اس سیاہی نی مجھے اے شبِ ہجران مارا

صاف تقصیر ہے موباف مین ان بالونکے
کوئی کوڑا نہ نہین کاکلِ پیچان مارا

ان نگاہونکی لئی ہمسا بہادر ڈھونڈو
دل سی رستم کو جو مارا کوئی نادان مارا

آہ سوزاں سی جلا کر ابہی پہونکونگا
کوئی پروانہ اگر شمع شبستاں مارا

باغباں وقتی ہیں کیا سحر نفسی میں دیکہا
یہ نیا پہول ہتا کسکو گل خنداں مارا

بہول جائیگا سبق الفت لیلی کا آہی
مجہپہ مجنوں نی اگر سنگ بیاباں مارا

ہاتہہ سی تیغ اوٹہاتا ہئی اکث یہ گراں
نیمچہ آنکہہ سی اہی رستم دوراں مارا

فقرا کو نہیں شاہونسی لڑائیکا رواج
دل اگر روک لیا شاہ حسیناں مارا

آسمان بازمیں میں اتی قاتلو غزلونمیں بہت
اس زمیں میں دل اختر کو کہو ہاں مارا

## بحر ہزج اخرب مکفوف محذوف

ہر عاشق دل سوختہ دیوانہ ہی اوسکا
وہ شمع تجلی ہی یہ پروانہ ہی اوسکا

مجنوں قدم عشق ذرا غور سی رکہنا
صحرائی جنوں دیکہہ یہ ویرانہ ہی اوسکا

نور سحر صاف تو ہی خندہ مہرو
شب جسکو سمجہتی ہیں وہ شرمانہ ہی اوسکا

دن رات کہا جیسی رخ و زلف کو دیکھا
شمع سحری دیکھہ یہ پروانہ ہی اوسکا

خورشید جو مغرب سی پھرا شب کا ہوا دن
شق مہ تابان تو اک افسانہ ہی اوسکا

زلفون مین وہ کرتا ہی دل چاک سی کنگھی
جو آئینہ اپنا ہی وہی شانہ ہی اوسکا

سودائی ہوئی دیکھہ کی پھر ہوش نہ آیا
زلفونکا اولجھنا بھی اک افسانہ ہی اوسکا

وصلت سی لیا کرتا ہی وہ جنس محبت
بازار جہان مین یہی بیعانہ ہی اوسکا

کیونکر نہ ہی دل مین مری یار کا جلوہ
ای ہمنفسو دل یہ نہین خانہ ہی اوسکا

مین نذر کرون دل مین کیونکر نہ زر داغ
ہجر رخ تابان سی یہ جرمانہ ہی اوسکا

وہ کافر بدکیش ہی پندار محبت
کعبہ جو ہمارا ہی تو بتخانہ ہی اوسکا

کیون دل مین نہ خاک اختر بیتاب اوڑائے
اس کوچمین کھویا گیا جانا نہ ہی اوسکا

جہانمین کو سلیمان کی طرح جاہ و حشم پایا
مگر کاسہ گدا نے کا مثال جام جم پایا

رقیب نے بوسۂ رخ صنم پایا
یہان بوسے کی بدلی جان نے درد و الم پایا

خزانے سے تری سب کچھ ملا حسرت نہین باقی
دیا جب داغ سینے کو تو جیسے اک درم پایا

نہ مضمون کمر مین لکھ سکا اللہ ری باریکی
بنی منقار عنقا کی اگر مینے قلم پایا

ملا عشق حقیقی اور غلط عشق مجازی ایسے
خدا مجھکو خدا پایا صنم مجھکو صنم پایا

کف پا کے جو مٹی ہے وہ ہی اکسیر سے بہتر
نہ دنیا کیمیا گر جو ترے زیر قدم پایا

ہماری سطح اوسکی وفا بھی عکس ہوتی ہے
جو راحت چاہی غم پایا خوشی مانگی الم پایا

غزالان ختن ہون صید یہ اوسکا ارادہ ہے
کمانونکو بھونکی تیر نے مژگان کی خم پایا

ہوا ایسے کہ گلشن مین میرا جسم کانٹا سا
چمن مین فرقت گل سے نہایت مینے غم پایا

ترا کہنا نہ مانیگا وہ اختر ہے بہت سرکش
نہین ہمنے کسیکے آگے اوسکی سر کو خم پایا

احسان مند کیون نہون ایسی کفیل کا
محسن ہا زمانہ مین جو جبرئیل کا

روتا ہی مثل ابر تو نالی ہین رعد سے
آوازہ رقیب ہے کوس رحیل کا

تیرے وصل گرمی الفت مین چاہیے
لازم ہی ای مسیح مداوا علیل کا

ای حور تیرے ہجر مین دریا بہائیے
سوتا ہوئی ہر انکہہ سے مر سلسبیل کا

مضمون ملا تو شکر خدا کر کی لکہہ دیا
محتاج کب ہوا مین کثیر و قلیل کا

آتش زبان جلاتی ہین گلزار ہر کو
دکہلاتی ہی بہار گلستان خلیل کا

کیا راہ پر خطر ہے یہ دنیا ہی بی ثبات
نہ کوس کا نشان رہا اور نہ میل کا

انکہون مین اسکے گہر کیا سہی بی شک ہی
[illegible] میل کا

پہولین تیرا چاہ ذقن کر نہ اختر
بانغ ہوا خدا ابھی نہ ابن سبیل کا

ویرانہ کو یہ دل ہی مگر عیش باغ ہے
سوتا ہر ایک انکہہ مین ہی جہیل کا

سرمہ لگا کی رو پاہی وہ یار پر فریب
طوفان کیا او ٹھایگا دریای نیل کا

بوسہ نہ لی مہوس دِ تیا ہی اِی رقیب
قانع نہیں قلیل پہ دل تجنبہ بخیل کا

حسن بتان و حسن جہان سب سی ٹرہ کی ہی
کیا ذکر لا دُن شعر مین تجنسی جمیل کا

اختر کی پاس بیٹھنے مین عار ہی اگر
کیون پوچہتے ہو حال بہی خوار و ذلیل کا

## بحرِ رمل مخبون

عشق جانانہ مین دل رطبان ہی کہ جو تھا
پھر حرارتسی وہی دلمین ہوان ہی کہ جو تھا

آمدِ فصل بہاری ہی نہ ہی چنج اُٹمشا
سیدہی باتمین وہی امر کشان ہی کہ جو تھا

سُرمہ سی کہین نقشہ الفت جم جای
تپ غمسی دل محرو رطبان ہی کہ جو تھا

پیر دل آپ عبث غمسی گری جا تی ہین
سر کو دیکہی یہ سیاہی جوان ہی کہ جو تھا

نہ بجہا پر نہ بجہا شعلہ رخسار حضور
آہ عاشق سی وہی دلمین ہوان ہی کہ جو تھا

خط ہی آیا نگر آئینہ ہی عارض یار
دیکھہ لو پھر وہی صاف عیان ہی کہ جو تھا

کسی گلگیر کو پروا نگی ہو محفل مین
بار سر دوش پہ ای شمع گران ہی کہ جو تھا

تیری کوچی سی اوٹہی پھر وہین آکر بیٹھی
وہی مسکن ہی وہی اپنا مکان ہی کہ جو تھا

دار پر دار فنا مین جو کیا دار و مدار
در دلدار پہ پردار کشان ہی کہ جو تھا

گو بجا آئی پر اب تک نہ گل تر آیا
باغ دل اپنا بدستور خزان ہی کہ جو تھا

غیر سی بات بہی کرنا نہین ایجان حجاب
بدگمان حیف تجہی وہی گمان ہی کہ جو تھا

تم مٹی جاتی ہو مین صاف ہون اختر صاحب
یہ سخن اور ہی نکتہ تو گران ہی کہ جو تھا

طوق گردن کو کیا زنجیر کو دامان کیا
دیو ہجرت کو بنایا وصل کو انسان کیا

جو نکرنا تھا زمانی مین پی جانان کیا
وہ بچیان امن کی لیکر ہجر کا سامان کیا

امت نوح نبی آدم سی افزون ہو گئی
ہر ملک سی ایک تملین نوح کا طوفان کیا

منقلب گردون سی ای قیب بوم نحوست
تو ہوا آباد جب آباد کو ویران کیا

دیکھہ و لیلی صفت پیری آ جاتی کہیں
بھاگ جا مجنون اگر صحرائی دل ویران کیا

آہ جب کھینچی جلایا برق و مارہ ورو کو
جب نچوڑا پاٹ دامنکا وہین طوفان کیا

دیکھہ ڈالی ایک نظارہ مین ورخسار یار
ختم میرے دفعۃً قرآن قرآن کیا

سرکشی کرتی ہین مجھسی ای گل خوبی ہزار
تونی باغ دہر مین لالہ کو نافرمان کیا

ساری قلعی کہل گئی اونکی صفائی حسن سے
آئینون کو عارض مہتاب نی حیران کیا

پیچ اوسکی دیکھہ کر یہ آپ بل کہانی لگا
گیسوئی پرپیچ نی عارض کو سرگردان کیا

کوئی مجروح ادا اور کوئی مذبوح شہر
خوب یکہی بزم قاتل کیا ہی سامان کیا

اختر اوس بی مہر سی ناحق وفا کا دہیان ہے
تونی یہ کیسا خیال خام ای نادان کیا

## بحر ہزج سالم

جہانکی باغمین ہدو ورعسی کچہہ پہل پایا
مگر عشق اوس گل بیخار کا خیر العمل پایا

رقیب روسیہ اوس شوخ کی زیر بغل پایا
خدا کی فضل سی اوسنی عجب نعم البدل پایا

ہمیشہ اوسکی پیشانی پر اس عاشق کی بل پایا
جو حاصل زیست کا مانگا تھا مجہسی اجل پایا

مقام خوف تھا پلکونکی نیزی سیکڑون دیکہی
نہ ہمنی یار سی آنکہین لڑانی کا محل پایا

بہت مدت سی اختر خانہ مہر وین جاتی ہو
نہین پر آج تک کچہہ بات کرنیکا محل پایا

## بحر مضارع

حیرت ہی باغبان بہی چمن سی نکل گیا
مین کیون نہ فصل گلمین وطن سی نکل گیا

لٹکا کی زلف کہینچ لیا کان پر مجہی
زلفین پکڑ کی چاہ ذقن سی نکل گیا

پہولا ہوا سمایا نہ وصل حبیب مین
عشق اوسکا تنسی کپڑا بدنسی نکل گیا

تر اکیا ہون بعدِ فنا بحرِ عشق مین
دو ہاتھہ پار گر کی کفن سی نکل گیا

افسوس کیا او گال گیا میری ہاتہہ سے
کیا خوشنما عقیق مین سی نکل گیا

بگڑا فقیر سی جو شہِ حسن راہ مین
گالی کی بدلی بوسہ دہن سی نکل گیا

دہوئی کبہی جو موی سیہ اوسنی نحر مین
روغن کی بدلی مشک ختن سی نکل گیا

یادِ کمر مین ہاتہہ اگر بندھ گیا تو کیا
بازوی ناتوان رسن سی نکل گیا

وہ مشتری مثال چمک جائیگا ابہی
اختر اگر تو اپنی وطن سی نکل گیا

دار پر بہی قدِ دلدار نی سونی نہ دیا
رہی بیدار ہمین یار نی سونی نہ دیا

جان عاری ہوئی تڑپا کیا دل ساری رات
ابروی یار کی تلوار نی سونی نہ دیا

فتنۂ عشق نی شب بہر ہی بیچین کیا
سوتی سوتی مجہی عیار نی سونی نہ دیا

مین نکرتا تھا کبھی اوس بت وسنی تاک
دم گھٹتا ایسا کہ زناری سونی ندیا

کوچۂ یار مین میلا سا لگا رہتا ہی
غوغۂ مردم بازار نی سونی ندیا

لب معشوق جو ہو جاتا ہی سوتا ہی
تیر کو میری کماندار نی سونی ندیا

رات بھر چشم سیہ کار رہا سودا اختر
چشم بیمار کو اوس یار نی سونی ندیا

سینہ شیشہ ہو گیا اور قلب ساغر ہو گیا
نشاۂ الفت ہماری سر سی باہر ہو گیا

ہر بدی پر جسی نیکی کی شرائط ہو گئی
ای رقیب روسیہ تو اتنا بہتر ہو گیا

قبر مین ڈھونڈ ہینگی میت کو مری منکر نکیر
فرقت موی میان سی اتنا لاغر ہو گیا

جین سئی تی ہین لیکن خاک نیند آتی نہین
بطن کوی دلربا آغوش مادر ہو گیا

جسکی ہی صاف کاہی عکس رخ سایہ فگن
ای صنم پی کر ای بہر ماہ پیکر ہو گیا

قتل کر کی مجکو قاتل نی یہ پھر پوچھا کہو
خونِ شوریدہ سی جوہر دار خنجر ہو گیا

رحم کر صیاد یہ وحشی شکستہ بال ہے
دامِ زلفِ یار مین یہ مرغ بی پر ہو گیا

کیا تلوّن ہی دلِ جانان مین ہ لاحول ہے
کل سے جسے مہر وکیا وہ آج اختر ہو گیا

چھائی ہین پانو ہی محبت سے بیابان کیا کیا
پار تلوونسی ہوئی خارِ مغیلان کیا کیا

ایکدن زلفِ مسلسل آئی تہی دیکھی تہی پر
جیسی آتی ہین نظر خوابِ پریشان کیا کیا

ای مسیحا مسیحائی دکھائی تو نے
موئی عشق لبِ جانبخش مین انسان کیا کیا

آتش رنگِ حنا تیز کری دودِ جگر
چھد گئی سیخِ مژہ پر دلِ بریان کیا کیا

آیہ فاعتبروا یا اولی الابصار لکھو
لیگئی ساتھ سب اس ہرسی ارمان کیا کیا

منقلب ہو گئی ابھی بختِ رسائی نیر نگ
چرخ کھائیگا ابھی گنبدِ گردان کیا کیا

چوٹ گیسوئی رسا کی نہ بچی گی تجھسی
شمع رو تیری تصور مین وہ گڑ جاتی ہین
رخ سی حیرانی ہی زلفونسی پریشانی ہی

شور مین حلقۂ زنجیر مین نالان گیا
پابگل بزم مین ہین سرو چراغان گیا
آج کل پھرتا ہون حیران پریشان گیا

کوچۂ عشق مین اختر کو نڈھونڈھا تمنی
چہان ڈالی ہین عبث تمنی بیابان گیا

ابروئی یار نی مجھی مارا
قبر عاشق سی یہ صدا آئی
کر کی دو باتین جان لی میری
مجھسی دل لیکی بیوفائی کی
عشق جانان نی جان لی میری

اوسکی تلوار نی ہے مجھے مارا
حسن گفتار نی ہے مجھے مارا
سخن یار نی ہے مجھے مارا
میری دلدار نی ہے مجھے مارا
میری غمخوار نی ہے مجھے مارا

زلفِ جانان ہی رشکِ مشکِ تتار
شہرِ تاتار نی مجھے مارا

شکوہ غیر کا محل نہ رہا
میری ہی یار نی مجھے مارا

جان لی زلف کی سیاہی نی
اس شبِ تار نی مجھی مارا

لاکھون گل کھائی اوسپر ای اختر
رشکِ گلزار نی مجھی مارا

صبر کا کوہ مری سامنی ٹل جائیگا
آنکھون کی سامنی دم میرا نکل جائیگا

آج چتون تو نظر آتی ہی سیدہی ہمکو
پر کہین آپکی کاکل کا یہ بل جائیگا

حسن پاذین لی گر مین تو حسینانِ جہان
عشق سوزِ رخِ مہنوش سی جل جائیگا

[illegible]
گر کبھی [illegible] سب جسم پگھل جائیگا

[illegible]
[illegible] جاکی سنبھل جائیگا

کوچۂ یار عبث دلکو دکہایا مینے
کیا سمجھتا تہا وہان جاکی بہل جائیگا

شعر گوئی مین مزا ایسا ملا ہی اختر
مرتی مرتی نہ کبھی شوقِ غزل جائیگا

راہ سی جاکی پھر آتا قاصدِ ناکام اولٹا
سیدھی مضمون کا مجھی دیگیا پیغام اولٹا

اوڑ گئی وہ بھی خفت سی گلزار سی
بازوونسی جو مین بلبل کی [illegible] اولٹا

کیا نہ اکتے ہی ہاتھ مین جیبِ گل آب
اوسکا سر پھرنی لگا اور دلِ گلفام اولٹا

کششِ عشق کی پہیرا اوسی آئی نصیب
نہ گیا پھر کبھی وہ قاصدِ ناکام اولٹا

نہ دکھا صورت بیمار طبیبِ دل آرا
گرمی عشق سی ہو جائیگا سرسام اولٹا

وہ شکایت وہی گلہ ہو اختر کو نصیب
واہ جی واہ وہی اپنی پیغام اولٹا

خمِ گیسوئی رسا سی دِل نالان چہوٹتا
سحرِ وصل ہو فرقت کے شبِ ہون کا نور
آج انکہین نہ دکہائین مجہی ای یوسف حُسن
نہ لگا پنجہ وحشت سے گریبان کا پتا
سیا ... بار مری پاؤن مین ہی زنجیر

شکر ہی یکر سی ہندو کی مسلمان چہوٹتا
شکر ہی قیدِ شبِ ہجر سی نالان چہوٹتا
کیون عزیز آج ترا چاہِ زنخدان چہوٹتا
دستِ بیہوش سے جب شوخ کا دامان چہوٹتا
مجہسی حدادِ عبث خانۂ زندان چہوٹتا

روئی مہر و لبِ اختر سی پہٹا ہی اسطور
جیسی قمری سی رخِ سروِ گلستان چہوٹتا

## بحرِ ہزج مسدس محذوف

رخ اپنا اوسکو دکہلایا تو ہوتا
مری دل کا پتا ملتا اونہین مین

ذرا سورج کو شرمایا تو ہوتا
ذرا زلفون کو سلجہایا تو ہوتا

پرستا نہین ہی بھر سیر جاتا
مری سر پر کوئی سایا تو ہوتا

بسان دل نہ کرتا مین تجھی دور
کبھی آغوش مین آیا تو ہوتا

نزاکت اوس پری پیکر کی کھلتی
کبھی پھولون مین تلوایا تو ہوتا

تری کوچی مین آتی موت ایکی کاش
تری دیوار کا سایا تو ہوتا

مجھی سی وعظ و پند و مشورہ ہی
کبھی اوسکو بھی سمجھایا تو ہوتا

جو اپنا جان کر مارا گلہ کیا
لحد پر ای صنم آیا تو ہوتا

ذرا سیخ مژہ مین دل پرو کر
کباب اس دل کا لگوایا تو ہوتا

بنا گوش صنم مین دل اولجھتا
بلا سی زلف کا سایا تو ہوتا

غذا ناصح سی بھی کرتا ترک لیکن
مری صورت سی غم کھایا تو ہوتا

سمجھتی عشق پیچان ہم بھی اوسکو
سر سنبل سی بل کھایا تو ہوتا

تجھی کھل جاتی اختر سوزش عشق

کوی گل ہاتہہ پر رکھایا تو ہوتا

| | |
|---|---|
| مجلسوں مین اوسی کسی نی وز پکارا نہ کیا | اوس پری نی کبھی محفل مین گذارا نہ کیا |
| ایشہ حسن نی ویرانہ نہ آباد ہوا | تو نی کیون مملکتِ دل پہ اجارا نہ کیا |
| ہم جان چھوڑ دیا قاتلِ عالم تونی | تیغِ ابروسی دلِ زار دو پارا نہ کیا |
| سکی توقیر تھین مدِ نظر ہی صاحب | اک گنہگار تھی ہم پاس ہمارا نہ کیا |
| ہم کسی سی نہ ہوئی تیری سو اتھم پہلو | تکیی کو پہلو مین لینا بھی گوارا نہ کیا |

ایک مانا نہ کہا تمنی مگر اختری

لاکھہ سوا ہوا پر تمسی کنارا نہ کیا

| | |
|---|---|
| شورش دکھا رہا ہی یہ عالم شباب کا | تجہہ پر فدا ہی رنگِ گلِ آفتاب کا |

او بحرِ حُسن سنگ سی اڑوانہ میرا دل
پتہر کا دل نہین ہی مرا ہی حباب کا

لِلّٰہ خوش خرامی ہی اسکو دکہائیے
انداز یہ سیکہی زلف اسے پیچ و تاب کا

ہو لیمین پڑ گیا رخِ پر نورِ پر عبیر
البتہ اے صنم یہ محل تہا نقاب کا

پیری مین ہنس رہی تہی یہ موئی سرِ سفید
بد رنگ رنگ ہو گیا اپنی خضاب کا

خَفّاش طینتون کو دکہائی نہ دُن تو کیا
اختر بلا ہی رتبہ مجہی آفتاب کا

اندہیرا بزم مین تہا تو جو انجمن مین تہا
چمن اداس تہا اے گل جو تو چمن مین تہا

صفائی قید پہ مرتا ہون واہ و اصاحب
کمر کی فکر سی بیشہ تلک رسن مین تہا

مثالِ گل جو کیا ٹکڑی ٹکڑی دامن و جیب
ہمارا تارِ گریبان بہی پیرہن مین تہا

اسیرِ زلف ہوا دام مین پہنسا دلدار
ابہی تلک تو یہ لٹکا ہوا رسن مین تہا

چھپایا کرتی ہین باتین عبث یہ خلوت مین
رقیب کونسا تھا جو کہ انجمن مین تھا

صنم لگاتی تھی مہندی جو تم گلستان مین
تمھارا پاؤن مری دلمین تھا لگن مین تھا

غرور کا جو کیا اتہام اختر پر
کلام کبر زبان پر تھا دہن مین تھا

کسی ملکر نہ کرا یگل ارادہ سیر گلشن کا
راز قاتل کا بدن سی تو چہپایا لیکن — ہر پلک نی مری انکہہ سی کہایا خونناب
جب سُنا وصفِ لبِ لعلِ صنم کا مینی — پیشوائی کو وہین انکہہ مین آیا خونناب
اسکی مٹّی پہ پڑا عکسِ رخِ سُرخ ترے — کیا سبب جو تنِ انسانمین سمایا خونناب
رنج کہاتا ہی لہو پیتا ہی بیمارِ فراق — دار وصل کی جا خوب پلایا خونناب

قد اُس رُسی ہی کب لعل کی کم چشم صنم
دہان اک اشک یہان ڈلی بہایا خوناب

گاؤکش ہوویت ہندو بہی بُرا جانتی ہین
انکہونکی سامنی بہتا ہی خدایا خوناب

کیون نہ اسی طفلِ برہمن مرا طاہر ہو لہو
عوضِ قشقہ سیندو و لگایا خوناب

ہاتہہ تو ٹوٹ چکی آنکہہ بہی پہونچنگی ضرور
الفتِ یار مین اختر نی بہایا خوناب

تہی شبِ تار کی مانند ہماری احباب
چہپ گئی بعدِ فنا آنکہہ سی ساری احباب

وہ وطن یاد ہی غربت مین وہ ساری احباب
ہای کب مجہسی ملین گی مری پیاری احباب

بادِ دلکش کی ہوا کہاتی ہین ساری احباب
کنجِ مرقد مین کہان ہین وہ ہماری احباب

شکوہ ونی جفا کی تو یہ سب جمع ہوئی
تیرگی مین نظر آنی لگی تاری احباب

مہرِ تابان ہو اگر ہی تو کرن اوسکی عزیز
ماہ رُہی وہ پری وش تو ستاری احباب

رات کی بار تو تربت پہ ہین آیا نہ کوئی ۔ ای فلک کیسی مصیبت یہ اوتاری احباب

چشم ہو کر ہمہ تن موتی پرو تی ہین ۔ جب نہان ہوتی ہین نظروں سی ہماری احباب

چین مشتاقِ ہم آغوش کو کیونکر ہو صنم ۔ ہمکنار ایسی لگی گور کناری احباب

پاس غیرونکی اکیلی جو کبھی جاتی تھی ہم ۔ دور سی دیکھہ کی کرتی تہی اشاری احباب

دم نکلتا نہین پر بادِ صبا سی ہی ہوا ۔ حالتِ نزع مین آ آگی پکاری احباب

دوست دشمن ہین یہ خورشید فلک مین ای ماہ ۔ مشعلِ داغ ہین کب مین یہ ہماری احباب

چشم پوشی سی یہ پردہ ہوا ای اہلِ فنا ۔ خواب مین ڈرتی ہین صورت سی ہماری احباب

شعلہ رو رازِ چھپانی کی کرون کیا تدبیر ۔ دیکھہ لینگی مری آہونکی شراری احباب

پہنچتی پہنچتی مرقد مین پڑی ہی آواز ۔ فاتحہ پڑہ کی بہی ہمکو نہ پکاری احباب

سہ خو آنگی سمجھاؤ پریشان ہی بہت ۔ اخترِ زار کی آتی ہے پکاری احباب

بتوں ابرو نسی کیوں نہو خجل محراب — ہماری کعبۂ دل کی ہی متصل محراب

ہر ایک رو نکتا گیسو کی یاد مین خم ہی — یقین ہی سامنی آئی تو ہو خجل محراب

بجای گردش پا سرنگون ہی قصر فلک — تمہاری زلف خمیدہ سی ہی خجل محراب

جو انکی قد نی ہر اک سرو کو کیا سیدھا — ہماری خم سی ضعیفی مین ہی خجل محراب

جوان تو ہی تیرے کر حالت دہر ضعیفی ہے — مین ایسا سخت کمان ہو کہ ہی خجل محراب

تصور بت بیدین دل آئی امین خدا — بناؤن اس تن خاکی مین اپنا دل محراب

بناؤن جامۂ احرام گرد کوچہ بت — دکھاؤن خانۂ کعبہ کے متصل محراب

خیال در سی یہ بیہوشی ہی ہمین ساقی — کسیکی آنکھ بنائی کسیکا تل محراب

صنم گیا در خانہ اسی لئی کوتاہ — کہ راستی مین تری قد کی ہو خجل محراب

وہ سوختہ ہون جو ابرو سی آہ گرم کرون — تو ہوون ہین در خانہ کی مشتعل محراب

ہتو خدا ئیمن پیدا ہوا نیا الله شہ | جبین تو طاق ہی ابرو کی متصل محراب

بینائی ماہ خالِ سفید ابرو پر
عبث دکہاتا ہی اختر کی متصل محراب

خنجرِ نازسی ہو جائینگی بسمل بیتاب | اپنی انداز و اداسی ہی عدو قاتل بیتاب

ایسا حیران ہو حضور ترے کا بہی منہہ صاف نہین | آئینہ بہی نہوا میرے مقابل بیتاب

عین سجدہ میں پر اعکس پرِ مرغِ نگہہ | صفتِ قبلہ نما ہو گیا بسمل بیتاب

داغِ لالہ نہ ترے عارضِ گلگون سی مٹا | چمنِ دہر مین ہوتی ہین عنا دل بیتاب

قطرہ دریا مین گیا موج سی تسکین نہوئے | بیشتر فرقتِ جانا سے ہین اہلِ وصل بیتاب

جورِ غنچہ سی یہ فریاد نکرا ای بلبل | بہرِ مجنون نہ ہوا پردۂ محمل بیتاب

رو سی ابرو نہین گو منہہ ہی مگر مہ تو نہین | چاند کیونکر نہو چہرے کی مقابل بیتاب

خالِ پیشانیِ تاباں سی کہلا داغِ جبیں — عارضِ بدر کو کر دیگا ترا تل بیتاب

آگ خاموش جو ہوتی ہی بھڑکتی ہی سوا — دو گی تسکین تو سوا ہوگا مرا دل بیتاب

شہِ خوبی نہ و بالا ہی چشمِ امید — گردشِ چشم سے ہی کاسۂ سائل بیتاب

غولِ صحرائی کی تربت کو جو پہاندا او سنے — یہ غبار اپنا بھی ہوگا پسِ قاتل بیتاب

چرخ کہا تا رہا اشعار سی اختر ورنہ
آسمان دیکھی تو ہو جای ابھی گل بیتاب

شیشۂ می کو بنائی سرِ افسر محتسب — تختِ جانی میکدی کی در کا پتہر محتسب

خطِ موجِ می نہ لکہا جای کاغذ پر کہیں — فکر سی کو سوکھ کر ہو تارِ مسطر محتسب

دخترِ رز کا خطِ شوقیہ ہی لا دی ہمیں — تو بطِ می ہی تو بنجائی کبوتر محتسب

ہی وہ آلودہ خمارِ ساقیِ مہوش سے — کیا نچوڑیگا ہمارا دامنِ تر محتسب

ای صنم دزدِ حنا پیکا لگاتا ہون سراغ
ہو سکی کب دُزد سرا میری برابر محتسب

چٹکیون مین نغمۂ قلقل اُڑا دیگی ابھی
ای بطِ می تو توہی پردار بی پر محتسب

فرقتِ می ہی ہمارا جامِ دل چھلکا دیا
توڑ کر شیشی بنا ون تیرا بستر محتسب

بیقرینہ ہو گئی مینا لسی منقارِ بط
حقۂ می سی بچا کر دنگا چنبر محتسب

دخت رز کی آشنائی چاہتا ہی آج گل
پھر عروس میکو پہنا تا ہی زیور محتسب

لاؤ بالی اسقدر خمخانۂ عالم مین ہون
راہ بھٹکون میکدہ مین تو ہو رہبر محتسب

دخترِ رز یہ ہی تو وہ ہی ابنِ افیون ہی ضرور
گر یہ آبِ آتشین تو ہی سمندر محتسب

چاہیی رندونکو وہ دنیا سزا اوسکی عوض
کیا کشاکش مین پڑا پھرتا ہی اختر محتسب

پہچانین کس طرح سی حدوث و قدم طبیب
اپنا ہی خود نہ سمجھی جو د و عدم طبیب

داروی مرگ ہمکو پلاتا ہی ہجر مین
کیونکر بنی نہ مالکِ ملکِ عدم طبیب

چہو جائی پہر وہ ساعدِ نازک تو ہاتہہ سی
پہر درد سر بتائین حاضر مین ہم طبیب

عنابِ لب صنم کی مرض مین دکہا دئی
تصفیہ خون کا کر کی کرینگی ستم طبیب

تبرید نی دکہایا طلسمِ جہان نما
دار الشفا مین دیتی ہین کیا جامِ جم طبیب

راحت ہی بعدِ رنج تو فرقت کی بعد وصل
داروئی تلخ بہرِ مرض کب ہی ستم طبیب

مشہور ہی کراماتِ علمی تری بہت
تشخیص کر مرض ہر ادنی ہی کرم طبیب

تصویرِ یار دلمین ہی کیونکر شفا نہو
موئی میان مفید ہی بہرِ ورم طبیب

آیا مسیح جو بالین پہ وقتِ مرگ
نبکی سی ہاتہہ اوٹہا گیا بدہ قدم طبیب

جبتک چہوی نہ ساعدِ سیمین نبضِ عشق
چہونی نہ دی تجہی بہی دوات و قلم طبیب

نبضین ہماری یار کی چہومین نہ ہاتہہ سی
جائی قلم کردن تری اونگلی قلم طبیب

دمباندم ہی بدم مین عرہی لکہو لی گیا

اختر نہ آیا میری قسمت مین اکدم طبیب

دکھائی موج زلف حور تالاب
بنا زاہ رخ پر نور تالاب

جو روتا وادی ایمن مین مجنون
بنا دیتا وہ کوہ طور تالاب

نگاہ مست توڑے شیشۂ مے
کرے ساقی بھی چکنا چور تالاب

کمر کی یاد مین روتا ہی نازک
دکھائی خار پائی مور تالاب

پڑے جب عکس شمع عذار یار
تو فوراً جلکی ہو کافور تالاب

بہا کر اشک پہوڑون مین تر
بہت چشمو نہ ہی مغرور تالاب

ہر اک سوتا ملا ہی اشک دل سے
ہری چشمو نگاہی ناسور تالاب

بط مے انکی غوطے لگائی
بناؤن دانۂ انگور تالاب

روان کرتا ہی ساقی می کا بازار
بناؤن ساغر بلور تالاب

کیا نہ یہ شش جسنے تو شش ڈوبا | محبت جنانہ زنبور تالاب

روان دریا ہی اک اک پل مین اختر

پلک سی اسکو ہی منظور تالاب

[illegible]

[illegible]

یاد آتا ہی پھر اوس طفل کا سار آداب | ہائی وہ ناز کا انداز وہ پیار آداب

جب کبھی چشم تصور مین خیال آتا ہے | وہی پھر پھر کی اوٹھنا ہمو تمہارا آداب

بدقارونکو سلیقہ نہین گلزارون مین | باغبان جانتی ہین گل ترا اسرار آداب

بلبلو کیا چمنستان مین نکس آئی ہے | ایک چٹکی مین اوڑاتی ہو ہمارا آداب

نارکسن ہی نیکو نسی کسی نفرت ہے | بد تمیز وہ نگاہ ہوا دل کو گوارا آداب

شوخی رنگ حنا وہ چھپاتی ہین ہاتھ سے | تو نی دزدیدہ نگہ سی ہمین مارا آداب

قاعدۂ دلکی جلا سیکہا نیا سیکہا ہی
ہی ادب برقِ نگہ اور اشارا آداب

مدتون مشقِ رخ صافکی مکتب مین رہے
میری آنکہونسی کری تیر انظارا آداب

بلبلو کیون نہ چمن کا ہو چمن قاعدہ دان
آتشِ گل کا ہی بس ایک شرارا آداب

محفلونمین اوسی بیدام بناتی ہو غلام
با ادب ہو نہین بندہ ہی تمہارا آداب

نجمِ افلاک قرینی سی تری روشن ہین
چاند مجریکو جہکا کیون نہ ہو تارا آداب

مہ و خور مجلسِ اختر مین نہ بیہودہ ہو
برجِ محفل مین ہی غیرت کا ستارا آداب

## بحر مضارع مثمن اخرب

پائی صدای شیشہ وقتِ اذان قریب
زاہد تہای آج تو پیرِ مغان قریب

مجہہ جائی سرد مہری سپہر سی اب بہی
آئی جو میرا نالۂ آتش فشان قریب

حالت ہوئی ہی شمع صفت بزمِ یار مین
پاؤن تک آ چکا مری سر کا دہوان قریب

ادنی سی ایک شعر کو اعلی بنا دیا
کیونکر زمین نه دور ہو و آسمان قریب

آتی ہین دور دور کی محبوب خوش جمال
ایسی ہی قصر کی مری آستان قریب

برقِ غضب جلاتی ہی باغِ دہر کو
ای عصفور جو مرا آشیان قریب

سوجھتی جہل غیر جواب و در ردو دور ہین
دیتا ہی ہمکو اپنی صدا پاسبان قریب

قیمت تمہاری قامتِ موزون کی گھٹ گیا
بڑہ کر اگرچہ لاکہ ہو سرو روان قریب

خود بنگیا ہی سنبلِ ترکا یہ پیچ و تاب
آتا نسیمِ زلف سی ہی ناتوان قریب

دنیا مین یادِ حق کو بناتے ہین بیخرد
ذات یقین تو دور ہی کو ہی گمان قریب

زاہد تو کبکا کاٹ چکا پردۂ حباب
کشتی مین تو دور ہی ور بادبان قریب

سنگِ حبیب سے پہر آگئی ہی انکھ
ای بت ہوا ہی نام خدا یہ نشان قریب

سوسن کی طرح سیلی سی رخ کبود ہے
اٹھتی بہار سی ہوئی باد خزان قریب

اگیا سی کر جہان کا نقش بگڑ گیا
یہ جانگی که آتا ہی آبِ روان قریب

اے خضر دل نصیب مین آبِ بقا نہین
ظلمات مین جو جاؤن تو ہو راہزن حلب

قاتل چمک شرار کی تڑپا مثلِ برق
چمکی اودہر ادہر ہوئی زخمِ بدن حلب

کیونکر ملیگا عارضِ نوسی یہ آفتاب
آئینہ کو دکہاتا ہی چرخِ کہن حلب

زلفو نسی تیرہ بختی سنبل کو جنگ تہی
اب یادِ رخسی ہوگئی گلہای تن حلب

دیوان ہی گو سیاہ مگر وصفِ رُخ تو ہے
ہر صفحہ کو سمجھتی ہین اہلِ سخن حلب

بادام چشم پستہ دہان توت ہین یہ لب
رخسار شیشہ آتشی دُرِ ذقن حلب

آئینہ مین یہ بال ہین یا رخ پہ زلف ہے
اعجاز سی بہم ہوئی اگر ختن حلب

قلب سیہ مین اخترِ غمگین کی ہی ضیا
کیونکر نہو نثارِ رُخِ پنجتن حلب

بحرِ خوبی تری فرقت سی بہایا سیلاب
وصل مین کب دُرِ یکتا کو دکہایا سیلاب

آب تابِ رخِ روشن جو نظر آئی اوسی — عرقِ شرم مین خود آپ نہایا سیلاب

اصل آتش ہی مگر ہوتی ہی پانی پائے — کس شرارت سی یہ بیت انکہہ مین لایا سیلاب

آگ پانی مین لگاتا ہی شرارہ دلکا — شعلۂ آہ سی کیا خوب جلایا سیلاب

اوٹہہ گئی وہ تو یہان اشک سی بہہ آئے — بحرِ خوبی جو نہ آیا تو بلایا سیلاب

سجدی کرتا پھرون اشکونمین دی دی تاثیر — بُت ہند کو بہا دی جو خدایا سیلاب

لختِ دل آنسوونکی ساتہہ وان بہی دی مین — نقد و اسباب بہا سب جو مین آیا سیلاب

عرقِ چاہِ ذقنِ یار یہ نازک جو ہوا — آسمان چہوڑ دیا سر پر اوٹہایا سیلاب

بحرِ خوبی کی برابر ہی یہان بہی اِک اور — عوضِ نورِ نظر انکہہ مین پایا سیلاب

رخِ گلگون نہ ملا اور نہ وہ رنگِ حنا — خونِ دل لیکی بہت ہمنی بہایا سیلاب

اِسقدر شوقِ ملاقات بڑہا ہی اِنکی برق — جب گہٹا انکہہ سی اوٹہی تو گہٹایا سیلاب

موج زن ہی یہان دریائی لطافت کیسکا

اختر زارنی انکھونسی بہا یا سیلاب

گل سرسبز اگر ہون تو بلبل ارباب
زلف مسکین صنم دل ہی تو سنبل ارباب

ہمہ تن ہو کی زبان ہر بنِ مو شکر کری
پرورش کرتا ہی سب خلق کی رب الارباب

جتنی احباب ہین سب اپنی ہی مطلب کی ہین دوست
لیکنی زیر زمین صبر و تحمل ارباب

شیشۂ می کیطرح چور کرین ایسا ساقی
میکدے مین جو سنین نغمۂ قلقل ارباب

مین اوس زلف کی زنجیر کا چھوڑونگا خیال
قید خانے مین مچاتی ہین عبث غل ارباب

پیر ساقی نہ کسی کو کوئی ساغر دیگا
گو سناتی ہین سخن تکیے ہین مُل ارباب

جلد کہتا ہی زبس بی کی دیفین اختر
اس لیے کرتی ہین معنی مین تامل ارباب

| یقین ہی دفترِ عصیان سی ہو سیہ وہ بھی | مری گنہ سی کری آگی سامنا توآب |
|---|---|

شعاعِ اخترِ تابندہ کی گھٹی گی ضرور
کہ اپنو مہر سی ہوتا ہی آئے لقا توآب

| | |
|---|---|
| ثانی نافہم کو کہیں بھلا کیونکر خطیب | کب یقین آگی کسیکو ہوا گر بندر خطیب |
| منبرِ دل پر ہی پہلی میر اپیغمبر خطیب | دوسرے زینی پہ ہی پھر حیدرِ صفدر خطیب |
| قصۂ دل کہتا ہون پیرِ مغان کی یاد مین | کیون سُنا عشقِ جو انکا ہینی یہ دفتر خطیب |
| مجکو تبلا دیگا ناصح بیگیان کوی صنم | راہ مسجد کی جو بہولون ہو وہین رہبر خطیب |
| ای صنم نقشِ قدم کی کہو لکر پڑہ لی کتاب | قصہ پاسی بہلا کسطرح ہو ہمسر خطیب |
| پھر دکہاتا ہی شکستہ خط کی وہ سطرین ہمین | توڑتا ہی بیکنہ گردنپہ پھر خنجر خطیب |
| حسنِ تجہ پہ دہ نشین کا کہولتا ہی عشق سے | کرچکا جرمِ صغیرہ خالقِ اکبر خطیب |

مدحِ معشوقِ حقیقی سنئ بان منہہ مین نہین
خنجرِ نازو ادا سہی ہوگیا بیمر خطیب

مصرعِ برّانسی کاٹون اوسکی ہر تقریر کو
جمع کرلی شرحِ مضمونکا اگر لشکر خطیب

جب ہوئی بیدست وپا پھر لطف سننی کا کہان
سر تلک کھاجائیگا آیا اگر اختر خطیب

[illegible]

چاند کی ٹکری ہین یار اور ستارہی حبیب
دِکی وہ ہمبھرین پہ اگی تارہی حبیب

عمر بسر ہوہین کوچہ دلدار مین
سایہ دیوار تو پائین تمہارہی حبیب

چوک ہی کی سیر کونکلی تہی سب شہر مین
لائی نہ اِک خبر بہی دلکی ہمارہی حبیب

ہوگئی ساقی فنا خاک ہوون جامِ مے
شیشہ خاکی مین آہ ہمنی اوتارہی حبیب

کوہِ فلک گر پڑا دب گئی زیرِ زمین
سنگ پہ شیشہ گرا یا مری پیارہی حبیب

گل نو کمندِ سیہ گلشنِ رُخ پر پڑی
ہار سہی زنہار یار آج نہ ہارہی حبیب

راستی قد سی کیا سرگرہی دشمنی
ابروی خمدار سی یارنی مارہی حبیب

طعنئہ اغیار کو ہم پہ نہ ٹوٹی آستا
کانٹی پر دیکی پاس گو کہ نگارہی حبیب

آہ دم احتضار ہچکیاں لیتی نہین
کھینچتی ہین پہلی سی سینی پہ آرہی حبیب

مین گدا پارسا تو دشمنی لازم نہ تھی
حضرت دل واہ واہ آپ پہ واری حبیب

بوی محبت بھلا اوس گل تر مین کہان
بحث نہ اغیار سی باغ مین جارہی حبیب

جنگ مرض سی جو ہوتی ہین دکھا ٹھارین مار
بعد فنا فتح کی خود ہین بقارہی حبیب

چھوڑ دیتی سر زمین نفع زراعت نہین
ملک عدم کو کہو لیوین اجارہی حبیب

چھٹتی نہ تھی ایکدم سو وہی بعد فنا
تیسرے دن قبر پر آتی ہین بارہی حبیب

سنبل تر مشک سے غیر کرین پیچ و تاب
تار سی الجھی اگر زلف سنوارہی حبیب

ہستے مین دیکھا نہ وہ حلقۂ ناف صنم
سو ہی عدم ڈھونڈھ کر اوسکو سدھارہی حبیب

خاک در یار کو غیر اوڑانی لگا
خندہ بہ دشمن لی خوب آکے ابھارہی حبیب

کیمیا خود سیم تن پا راہی نقشِ قدم
خاک کی بوٹی ہتی اسمین ہین رتی نصیب

بو ہی محبّت ندی جو شمین ہی بگدان
شنخیان آکی خوب اپنی بکھہار تی حبیب

قصرسیِ اختر نی آج گوشی مین حق حق جو کی
شیرِ نیستان کی مثل آکی ڈکارتی حبیب

ذقن ہی بحرِ خوبی گول گرداب
بنائی مردِ حق کشکول گرداب

ڈبوئی آبکش کا ڈول گرداب
زنخدان سی ہتی ڈاانوُل گرداب

بھائی آنسونکی غول گرداب
یہ چشمِ ترہی غارت غول گرداب

ڈبودی غولِ صحرائی زنخدان
بہت کرتا ہی نمارت غول گرداب

ذقن مین دست و پا کھیلتی چو اپنے
درِ دندان سی لیتی مول گرداب

ندی کا سی مین ساقی می کا دریا
فقیرونکی بنی لطبنول گرداب

ذقن کی یاد مین دریا بہایا
صدائی چشم سی کچھہ بول گرداب

ذقن کی یاد سی روکر مین بیہوش
ڈیل سُوتا ہی آنکھین کھول گرداب

اگر قبضئہ مین ہووہ تیغِ روے
بناؤن روکی استنبول گرداب

کری گر دختِ رزسی عقد زاہد
بناؤن شیشہ تنبول گرداب

نہ لی نامِ ذقن آنکھونسی رووے
نہ رسوا کر بجا کر ڈہول گرداب

برابر ہونگی بیشک اشکِ اختر
مری بحرِ غزل اب تول گرداب

چہوڑ جانیکو کیا جمع جہان کا اسباب
دارِ فانی مین ہی سب ہم وگمانکا اسباب

میرا دل عشقِ مجازیسی یہان سیر ہوا
پوچھہ معشوقِ حقیقی سی وہانکا اسباب

جسمِ خاکی کو نہین چاہیئی کچھہ زادِ سفر
گردِ مرکب ہے مری عمرِ روان کا اسباب

خانۂ دلمین تو لازم نہین پردہ ہمکو
حسرت و یاس ہی ہر سیر و جوانکا اسباب

گردشِ بالِ ہما پائی نہ طاوس عجب
پرِ عنقا ہی تری موی میان کا اسباب

بی سبب ماہ لقا کرتی ہین کب نالہ گرم
داغِ تیرہ ہی فقط سوزِ نہان کا اسباب

گالیان دیتی ہین سو سی بہی آگی وہ ہمین
جیسی ہوتا ہی وضو پہلی اذان کا اسباب

کعبۂ کو ہی صنم خاک نہ کرنا انکو
ہڈیان میرے ہین سب دیرِ بتانکا اسباب

یون معمی کی بہی تمہید سمجہہ جاتا ہون
ذہن مین جیسی ہی مضمونِ زبان کا اسباب

جس گلستان پہ پڑی ہوگئی برباد بہار
خاکسی میرے ہی اس بادِ خزان کا اسباب

تابعِ کلک ہی مضمونِ سیہ زلف کا یون
جیسی ہوتی ہی گجک پیلِ دمان کا اسباب

داغِ دل مٹ گئے دیکہا جو مین وہ ماہ جبین
گم ہوا کوچۂ جانان مین مکان کا اسباب

اسقدر ناز حبابون سی نکر چشمۂ حسن
محرمِ راز ہو آبِ روان کا اسباب

نرم گوئی سی عبث ریختیان کہتی ہین
بی سبب مرد پہنتی ہین زنان کا اسباب

باغبان مجکو نہ زنجیرِ نہا کر ہو نہال | طوق قمری ہی تری سروِ روان کا اسباب

کب سینۂ بلبل پہ چہٹا تیرِ مژہ | دیکہی ابرو ونسی زاغِ کمان کا اسباب

ساقی صاف جوان دوست ہی اختر نہ
سب لٹا دیتا کسی پیرِ مغان کا اسباب

جو تیغ سی ہین گلِ زخمہای تن شاداب | کمال اوس گلِ تر سی ہوا چمن شاداب

کسیکی تارِ نظر سی بڑہی ہی مسلمانی | ہوا نہ رشتۂ زنار برہمن شاداب

مدام گلشنِ دیوان ہی سیر ہی بلبل | ہماری مصرعِ تر سی ہو سخن شاداب

سمجہہ نو آتشِ گل کا کہلا ہی رازِ نہان | کہ شمعِ بزم سی ہی ساری انجمن شاداب

بہائی سر سی بہت اوسنی جوی شیرین بہی | ہوا نہ نخل سی تیشی کی کوہکن شاداب

گلونکا نشو ونما ہی مجہی سی ای بلبل | سحابِ اشک سی کیونکر نہو چمن شاداب

خیالِ یار مین چلاتا ہی دلِ نالان | کہ ایک دو سیر کو دیتا ہی صد اُسرخاب

پھڑکتا ہی قفسِ تن مین مرغِ دل ہر روز | کہ رویا کرتا ہی اُنکو بارہا سرخاب

چمن مین بلبلو موسم خزانکا آپہونچا | ہر ایک نخل پہ بیٹھی ہین جابجا سرخاب

رقیبو مجکو بہی فرقت سے اختیار ہی ہے | کہ ایک دو سری سی شبکو کب ملا سرخاب

فقیر دوست ہوئین شاہ دوست ہین رقیب نہ | پس از فنا مری تربت پہ ہی ہما سرخاب

طبیبو مجکو بہی لذت تپِ فراق مین ہے | کہ جیسی ہجر کی کرتا نہین دوا سرخاب

ہماری طائرِ دلکو ہی وصل کی تعلیم | فراقِ یار مین پالی ہین بارہا سرخاب

دلِ کشادہ کو ہی وصل دامِ ہجر مین کیہ | کیا اگر قفسِ تنگ سے رہا سرخاب

مرا فراق کا وصلتین یاد لاتا ہے | کہین زمانہ سی اڑ جائی یا خدا سرخاب

یہ ارتباط ہی فرقت سے طائرِ دل کو | یہ ناتوان ہی اگر کاہ کہربا سرخاب

وہ کم نصیب ہون ہر روز ہجر انکو وصل | جمالِ یار سی ہر صبح کب ٹٹا سرخاب

نہ شبکو تیمن مری لئی مجکو دی آوازِ صنم
خیالِ وصل سی فرقت مین سو گیا سرِ خواب

تجہی خبر ہی ہی کچہہ طائرِ وصال
کہ شاعرون نی بنایا ہی ہجر کا سر خواب

مناسب اسکے جو مضمون تہی باندہی اخترؔ
کہی غزل ہی بہلا او دوسرا سرِ خواب

ریشِ زاہد پہ دکہاتا ہی اگر رنگ خضاب
رخِ مینوش پہ ہوتی ہی یہان بنگ خضاب

کیا جوانی تہی ضعیفی مین جو رنگینی ہی
ریشِ زاہد کی بجا دیتا ہی سر چنگ خضاب

دخترِ رز آج تو پہر رنگِ حنا دکہلائی
ریشِ زاہد پہ تیقن ہی کہ ہو دنگ خضاب

تیری رنگینیِ حسن خدا داد ہی اہی نغمہ
کب لگاتا ہی کوئی مرغ خوش آہنگ خضاب

ریشِ زاہد پہ کشادہ ہی سرِ دستِ حنا
رنگِ خونِ دلِ عشاق سی ہی تنگ خضاب

دام مین زاہدِ پیر کی بلبل نہ پہنسی
عارضِ سرخ و گلِ تر سی ہی ہم رنگ خضاب

یاد مے میں ہو گئی غیرتسی تری ریش سفید
کیوں نہ پیشانی کی گھٹتی سے ہو بدرنگ خضاب

سرخی مے سے کناں کشتی سے آتنے زاہد
سوز پنہانکا عبث سیکھتا ہے ڈھنگ خضاب

روز بیداریان کرتاہی یہ زاہد اختر
کیا لگا لیگا کوئی مرغِ شب آہنگ خضاب

غزل مثمن مخبون

چشمِ میخوار کاہی نرگسِ بیمار خطاب
زلفِ خم گشتہ کاہی استی مین مار خطاب

کشتیِ فکر رواں بحرِ غزلمین جو ہوئے
اشکِ دلکاہی مگر گریۂ اشعار خطاب

مست کہتاہی زمانیکو ترا کاسۂ چشم
مسجدِ شیخ کاہی خانۂ خمار خطاب

پہنچی آسیبِ بلا کوہی پری تک کیونکر
ایسا عامل ہون کہ ہی سایۂ دیوار خطاب

خوف کیا خانۂ تن کو جو اُڑا دیگی نسیم
ناتوانی نی رکہا خاکِ درِ یار خطاب

سکل ہی آبلی کی باغِ جہانمین او سکے
آسمان مجسی کہٹکتاہی کہ ہی خار خطاب

خوف کر خوف جمالِ رُخِ حق سی ہوے — لن ترانی سی ہوا طالبِ دیدار خطاب

تنکی چنستی ہین ترے باغ سی گلچین کم اصل — شاخِ اشعار کا کیونکر نہ ہو گلزار خطاب

مشت پر بھی نہ چمن کی ترے اے صیاد — تیرِ مژگان کا ہوا نالۂ منقار خطاب

بس نہیں دل سی ترے آدنی کو بھی اعلیٰ کردے

آج اختر کا ہوا خاکِ درِ یار خطاب

ہو گیا کرتکِ روشن سی ترے اندھیر شتاب — اے صنم گیسوئی شب تاب سی منہہ پھیر شتاب

آسمان دیکھتا ہی کو نسا مہ واوس شب — داغِ تیرہ سی اگر کرتا ہون اندھیر شتاب

مسی ملکر گلِ خود رو جو چلا خجلت سے — گلِ سوسن نی کیا باغ مین اندھیر شتاب

کوئی خورشیدِ جہانتاب کی دیکھی نہ جھلک — روزِ روشن کو کرون آہ سی اندھیر شتاب

کیون نہ موباف کی پٹہی پہ ہو جگنو کا گمان — تیری موہای سیہ نے کیا اندھیر شتاب

غیر اگر نہ نظارہ رخِ روشن کا کرین
خالِ تیرہ سی ہو فانوس پر اندھیر شتاب

رشتۂ جان پہ ہی تلوار کی ڈوریکا گمان
قابلِ تیغ مری حلق پہ تو پھیر شتاب

جرم ہی قتل کا کیا پیش چلے گی میری
سخت تشدید سا ہو کر ان کو زبر و زیر شتاب

شاعرو نانِ مضامین کی بہت ہی ہو گی
خوانِ نعمت سے قلندر نہوئی سیر شتاب

تیری نازک بدنی نے یہ کیا ہی بیہوش
توڑنی لگتی ہین ہم سیب کے جا بیر شتاب

ہاتھہ پاؤن تو نہین پھولتی لازم ہی تھے
باغِ مضمون مین بہت کرتی ہین ہم دیر شتاب

وادیِ فکر مین گر شعر ہوا ابتر ہو
ہو مین روباہ صفت چھوڑتے ہین شیر شتاب

یون اکڑتی ہوئی اس کوچی مین اختر نکلو
صفِ اشعار سی ہو جائیگی مڈبھیر شتاب

رخ تلک آئی ہین گیسوئی دلدار بتاب
شہرِ حلب مین ہین یہ سیہ مار بتاب

قاتل وہ ناتوان ہون ابرو کی یاد مین | کیا دخل جو بدن پہ ہو تلوار باریاب

مشکل بہت ہی خانۂ دلدار کا خیال | کوچی مین کب ہے سایۂ دیوار باریاب

بجلی گری نرالی ہی گرمی یہ حسن کے | یوسف سی دل ہوا سر بازار باریاب

بیھر کیا اوڑائیگی شبنم صفت مجھے | گلزار مین گلو نسی ہین کب خار باریاب

سایہ ملی بدن سی پریرو کی کسطرح | ممکن نہین جو ہو یہ تن زار باریاب

گوشۂ دہن بہلائی ہر اک سرو رشک سے | گلشن مین ہوئی قامت دلدار باریاب

غیرستی وہ لپٹتے جب تک نہ پٹیا ڈالن | ہوئی نہ چشم نرگس بیمار باریاب

ای ترک بی پناہ ہوئی شاعران ہند | قبضہ مین جا ہی تیغ ہین اشعار باریاب

بیہوش ہون جمال جہان تاب سے مگر | ہی خفتگی مین دیدۂ بیدار باریاب

ٹکو نگاہ مین پرا ای آسمان تجھے | سر تک ہوا یہ طرۂ دستار باریاب

صد شکر آج اختر رشید کی یاد سے

ای یار کب تلک رہین اغیار ریاب

فردوس کی سیر آئی نظر جب وہ کھلا باب
زاہد مجھے دکھلا چکا حورونکی فضا باب

آتی ہی ہوا صحت جسمی کی طبیبو
بیشک ہے سر درد رسیدہ کی دوا باب

نازک ہی وہ خود غنچۂ گل خانہ ہی اوسکا
چھونکی سی تری باد صبا کیون نہ ہوا باب

خواہش ہی اگر خانہ گل کی تجھی بلبل
کھولی کی ابہی ک کی کنجی سی ہوا باب

ہون جانہ بدوش آکی بہٹکین گی احبا
ہی دار فنا مین مرا بالائی صبا باب

قاتل مری ہر زخم سی چلاتی ہین احباب
بازار کا کب بند ہوا پھر صدا باب

سچ کہتا ہون ہین تار نفس دب گیا اسمین
ای بت ابہی پھر کہول دئی تو ہی خدا باب

تو بادشہ حسن گدا ہین تری دربان
کھولا کیا ذرات سر بال ہما باب

آہین ہین مری دل کی صدا جو لگی کب ہی
وہ سینۂ عاشق ہی اگر اوسکا کھلا باب

نازک ہی بہت یار تری ناف کا خانہ
مضبوط تو کب بند کرسی ہی سو آبا

وصف رخ تابانسی کہلی ہتی مین مضمون
کب بند کری چاندنی مین ماہ نقابا

خیبر شکنا آنکی مشکل مین مدد کر
اختر کی تو زور و نسی نہ اوسکا کہلا بابا

[illegible]

کعبی مین ہی جو زاہد مغرور کی طلب
جنت مین کیا کریگی کسی حور کی طلب

میری روش پہرا ہی جس مین باغ بہی
پہالونکو ہی جو خوشۂ انگور کی طلب

فرقت مین تیری رونیسی آنکہین سفید ہین
ساقی نہین ہی ساغر بلور کی طلب

مطرب سی شراب نی بیہوش کردیا
دربردہ کب ہی شیشۂ طنبور کی طلب

پائی نہ زندگی مین کبہی شکل یار کی
انسان ہو کی کب ہوئی تہی مجہی حور کی طلب

حسن جہان نما سی کنارہ نہ چاہیی
نزدیک کو کبہی نہ ہوئی دور کی طلب

مضرابِ دلخراش ہی دمساز ہی ستار
بزمِ غنا مین کسکو ہی طنبور کی طلب

نزدیک بین سی چشمِ مضامین کو ہی گزند
کسکو زمین پہ ہو فلک دور کی طلب

کافورِ صبح چاہیی وصلت مین غیر کو
فرقت مین ہمکو ہی شبِ دیجور کی طلب

یادِ رخِ حبیب سے میّت سفید ہے
غسّال کو نہ چاہیی کافور کی طلب

لکّھا ہی وصفِ شہدِ لبِ گل دوا سے
شبکو کسی ہی خانۂ زنبور کی طلب

سایہ کی طرح چاندنی فرقت مین ہی سیاہ
اے شمع مہ کو ہی رخِ پرنور کی طلب

دیوانین مین نے وصف بہبہو کی ہین لکھے
ہر ہر ورق کو ہی شجرِ طور کی طلب

راحت ہے بارِ شعر سے ختم نہ پس گیا
دہ بوجھ ہے کہے نہو مزدور کی طلب

[illegible]

آنکھہ گلشن مین لڑی نرگسِ بیمار سی جب
چین کسطرح سی ہو روزنِ دیوار سی جب

آتش افشاں ہوا محبوب کا عارض کہ ہوئی
روزنِ مجمرِ دل روزنِ پُرزنی جب

موسمِ گل نہیں جنوں کیوں نہ ہو رندوں کو امید
حلقے زنجیر کی ہوں تیں بیدزنی جب

پھول گیندے کا مجھے ہجر میں ہے کہتی ہیں رقیب
زرد گل ہو گئی سر تا قدم افگارزنی جب

یاسمن زرد گلِ سرخ سی کیوں نکرہے
قدر دنیا میں زیادہ نہو زردزنی جب

زاہدا جانتی ہیں مانعِ دیدارِ خدا
اسمِ بت سنتی ہیں ہم طالبِ دیدارزنی جب

دامنِ دشت میں کیا چاک گریباں میں کرون
دست پاگلگی نزاکت میں ہیں بیکارزنی جب

پھر دکھلائیگا گُل گریہ و پھلا ہوا باف
دور ایجاں موئی کیچلی اِس مارزنی جب

پرتوِ اشک نہاں تاہی گلی میں مالا
نظر آتی ہیں ہمیں موتیوں کی ہارزنی جب

پنجۂ خورسی ہیں جیبِ سحر پھٹتا ہے
دور کی انگلیوں میں دیکھتی ہیں تارزنی جب

آتی آواز کی نوبت کہ بجاتی نالے
سینکتی کوس نظر آتشِ رخسارزنی جب

حلقۂ چشم سی زنجیر میں ہیں گیسو کے

اختر زار زار رو مجھہ دین بیداری جب

رنگِ گل زرد ہوا اس تنِ سُرخسی کب
جسم سرسبز ہوا پیرہنِ سُرخسی کب

پہول کب زرد ہوئی باغمین کب آئی خزان
سبزۂ خط ہوا سیبِ ذقنِ سرخسی کب

لالہ رو مجہہ پہ ستم ہو گیا نظارۂ گل
یادِ گلزار بہلاوَن بدنِ سرخسی کب

کوئی قاتل مین شہیدونکی دکہائی ہی بہار
سبزہ سرسبز رہی اس چمنِ سرخسی کب

بوئی گل کی کبہی پتّون مین سمائی ہوئے
جسمِ رنگین پہ ڈہپا پیرہنِ سرخسی کب

لال ہوتا ہی پہ اک بوسی سی گلزارِ ونین
مِسی محتاج ہوئی اس دہنِ سرخسی کب

سرہی زخمونکا لہو دیگا گواہی اختر
حشر کو لیگا شہادت کفنِ سرخسی کب

ہر صبح قید خانی مین غُل ہی ادب
زنجیر زلف ماہ سی کر ایک شب ادب

مضمون لفِ یار کی دیوان مین لکہہ دی
سودائی بزم عقل مین کرتا ہی کب ادب

گیسوی سرو شانۂ شمشاد مین جو ہو
یہ شاخسانی سیکہہ لی رنج و تعب ادب

مضمون مین حالِ یار سی استادہ وقتِ فکر
مجلس مین جیسی صبح فیونکی ہوا ادب

چہالا تو رخ سی داغِ سینہ لفِ ماہ سے
سودائی کو دکہا چکا شہرِ حلب ادب

مضمونکو بسکہ فکر ہماری ہی اُس سطح
کرتی ہین شہ سی جیسی گدائی طلب ادب

باغِ سخن خزان ہئی جل اس زمین مین تو
کرتا ہی عندلیب سرِ گلسی اب ادب

جہکتی ہین غول غول بیابانکی دیکہہ کر
دیوانگی دکہاتی ہی صحرا مین جب ادب

وصفِ دہانِ سُرخ سی ہی شرم کلک کو
بوسی جیسے کرتی ہین عاشق کی لب ادب

مجموعہ زہر دیکا پریشان یہ جیو
صحاف تیرے ہاتہہ پڑی میری سب ادب

مشاطہ وار صبح کو سودائی لف سے
بہرِ عروس ہو نہ سکی ایک شب ادب

اُڑتا نسیمِ لطف سے تنکے کی طرح سے
کرتی ہین مثلِ کاہ بادِ غضب ادب

ممکن نہین کہ شیخ سے ہو برہمن قریب
بُت سے کبھی نہ ہو سکی ایسی ارب ادب

اوٹھی ہے قدر پی تعظیم میری خاک
سکھا ہی گئی سرو مین قمری کا ادب

تلووں کو منہہ دکھائے کہان منہہ یہ چاند کا
چاپلوسی میری کرتا ہی شہرِ طلب ادب

سوجھی گا شبکو غیر کو کیونکر دہانِ تنگ
کرتا ہی نیش طینو سی شہد لب ادب

کرنی لگین گی پھر صفت بیدین شرارتین
اختر خدا کیواسطی کرنا نہ اب ادب

رخِ انور سے نظر آئے سحر آخرِ شب
چھپ گیا عارضِ روشن سے قمر آخرِ شب

چودھوین رات مین ہوتی ہی سحر آخرِ شب
ماہ رو آج ارادہ ہی کہ آ آخرِ شب

نالہ دلکشی ی چاند گہن مین ہوگا
دان دو بوسہ کہ مٹ جائے ضرر آخرِ شب

ماہِ نو صورتِ ابرو تری انکھوں پہ بنی
نگہِ مہر سی پڑ جائی نظر آخر شب

صبح تک چرخ مین دلِ چشم کی گردش سی پسا
نسی ہعانی نی بدلی ہی نظر آخر شب

رخِ روشن پہ سرِ زلف سی لٹکال دو زار
کس پریشانی مین ہوتا ہی سفر آخر شب

مہر پر انکھہ جو ڈالی تو ہوئی شام سی کور
نہوا آج رقیبوں کا گذر آخر شب

عاشقِ پردہ نشین کا نہ جنازہ ہو گہلا
ہمدمو ہو مری مرنیکی خبر آخر شب

سنبلستان مین سائی تری زلفوں کی ہوئے
مارِ گیسو پہ کہلی گا یہ اثر آخر شب

رنگ پھیکا ہوا جان چکوروں کا وہین
برجِ گیسو مین چھپا آج قمر آخر شب

دلِ صد چاک نہ نکلی سرِ گیسو سی صنم
راہ زن خضر ہی ہو وے جو سفر آخر شب

شامِ گیسو مین سحر صبح کہلی ای اختر
عارضو پر بہی فدا ہو وے قمر آخر شب

کیون ہلالی ابرووںسی ہو مقابل ماہتاب
ناقصونکی حسن سی ہوتا ہی کامل ماہتاب

مرسلو پر ہی فروغِ رخ کا پہیلا ہی اثر
صرحِ چارم پر ہوا عیسیٰ کا حائل ماہتاب

ترکِ چشمِ یار کی گردش سی پہر لرزان ہوا
قاتلا شمشیرِ ابرو سی ہی بسمل ماہتاب

جب سی اوس مہر کا روی منور پہر گیا
چشمِ حق بین سی نظر آتا ہی باطل ماہتاب

میری نالونسی سرِ گل پر پڑی ہی چاندنی
باغبان کسطرح ہو صوتِ عنادل ماہتاب

آینہ رو کی صفائی سی بہت حیران ہے
تیری دریا ی جبین کا پائی ساحل ماہتاب

گر سوادِ شب مین مجنونکو ترا ناقہ ملی
تو بنی لیلیٰ شمائل برجِ محمل ماہتاب

کاسۂ سر کیون نہ گردش مین ہی اوسکا مدام
دور سی دیدہ نکی اتنا ہی جو غافل ماہتاب

نقصِ حسن چہرہ کی ابر سی کل تک تہا نمود
میری اغوش سی ہوا جو آج کامل ماہتاب

شاہدِ اصلی جمال اپنا دکہا سکتا نہین
جب نظر زنجیر پڑی ہو جائی حائل ماہتاب

سامنا اوسکی رخِ روشن سی کیونکر کرسکون
مین تو اختر ہون مرا بن جائی حائل ماہتاب

پڑیگا آنسوونسی آبلہ اب ‏ ‏ نہ ٹوٹی موتیونکا سلسلا اب

زبانی نی صدا ولتی سناتی ‏ ‏ جرس سی پھر جائی قافلا اب

یہ دم پہاندیگا جسرِ تن کو دم مین ‏ ‏ قدم بھرکا رہا ہی فاصلا اب

گلا کٹواؤن کیون کہا کل کرمن کیون ‏ ‏ گلو سی گال مین ہی کیا گلا اب

دلالت کیون نہووی حسن کی عشق ‏ ‏ دلیلین ہی نکالین وہ دلا اب

ملاقاتی جدا ہوتی ہین مل مل ‏ ‏ ملال دل جدا ہمسی ملا اب

کیا ہی سوزِ دلنی خاک ہمکو ‏ ‏ مسیحا ہی جلا مردہ جلا اب

ہنسی مین وہ دیا دلبندہون مین ‏ ‏ چمن مین غنچۂ گل کو کہلا اب

مٹایا نقش اجسر یہ سرتھا ‏ ‏ سلامونکا دیا ہی یہ صلا اب

چمن مین پہول انگارہی ہین ای گل ‏ ‏ جوانیر پنجۂ مرجان ہلا اب

اثر کاہل سجادہ نگا سمایا | ہوا ہی رشکِ دُرِ ہر آبلہ آب
بہری ہین گوٹ کر آنکہونمین موتی | یہ تارِ اشک کا ہی سلسلا آب

بتویہ گردشِ افلاک تا کی
خدا اختر سی مہرو کو ملا آب

شمعِ عریاں کی طرح دل نہ جلاؤ صاحب | اتنی جامہ سی نہ باہر ہوئی جاؤ صاحب
روئی روشن کو نہ داغونسی ملاؤ صاحب | مہر کو آتشی شیشہ نہ دکہاؤ صاحب
بدنِ صاف کے رنگینی دکہاؤ صاحب | قول ہاری ہو تو گل چہلونکی کہاؤ صاحب
حلقۂ چشم کو پابوسی کی حسرت بہت ہی | آنکہہ مین بہی مع پاپوش سماؤ صاحب
ناتوان عاشقِ شمشاد کو عریاں نکرو | طوق قمریکا گریبان ہو منگاؤ صاحب
بیتِ ابروسی مجہی ولولۂ عشق ہوا | چیدہ اشعار جو دیوان مین ہون لاؤ صاحب

بیمی

کیسین تارِ نظر بدنِ نزاکت پہ پڑے
بال کی اوٹ مین جاتی ہو تو جاو صاحب

تیر مژگان سی ہی پہوٹ گئی دیدۂ داغ
باغِ عالم مین گا تو ہنسی ولاو صاحب

طفلِ غنچہ کی تو یون کان مروڑا نکو
خندہ زن ہو کی گلستان کو ہنساو صاحب

خوابِ خرگوش ہی انکو نہ رقیبونکو جگاو
چشمِ خوابیدہ کو آہو کی جگاو صاحب

سیکڑی مین تنِ لاغر الی لو ساتے
بادبان کشتی می کا جو بناو صاحب

چال اوڑو اچکی اب سامنی ہیچی ہو سر آ
کبک کو آگ کا کہانا نہ سکہاو صاحب

چشم پوشی نہ کرو باغمین ہو پیش نظر
آرزو نرگس ہی جانا ہو تو جاو صاحب

ہمین سیماب بنایا تو چہکاو نہ کہین
دلِ بیتاب چلا آتا ہی آو صاحب

دل لگا عارضِ روشن سی خوبانکے
عارضی گہر ہی رعیت نہ بساو صاحب

شمعِ محفل کی طرح جسم دکہاتی ہو ہمین
ساقِ سیمین نہ پروانہ بناو صاحب

ماہ رو سر پہ چڑہایا نہ کرو اختر کو

آسمان پرسی مین پرتو ملاؤ صاحب

نازکی بحرِ خوبی سی ہی چشمِ تر حباب
دو رہین مژہ ہونگی کیون نہ ہو ساغر حباب

چشمِ گریان مین نئی خورشید ہی خانہ خراب
جای ذرّہ اشک کی یم مین ہی خاکِ در حباب

وہ پری گو سنگدل تہا موم دل پگہلا لیی
بحرِ خوبی کی نزاکت سی ہوی پتّہر حباب

یاد آئی گر نزاکت ساقیِ مے نوش کی
کاسہ مے مین بنی پرتو سی بیمار اسہ حباب

ناتوانی شیشۂ دل ہوگئی دریای حُسن
میری آہون سی جُدا ہوتا نہین دم بہر حباب

اِک نفس سی ناتوان کی مرغِ مضمون صید ہین
موجِ گُل مین بلبلونکا ہوگیا ہر پر حباب

قاتلا ہی موجِ گیسو کی یہ نازک ناتوان
بحرِ تن پر کیون نہ ہو آبِ دمِ خنجر حباب

گا
موجِ گیسو مین ہوئ مارِ زلف کا نازک قتیل
ہی کفِ دریا جنازہ اوسی چادر حباب

ظاہرا دل تک جو آتی موجِ شمشیرِ سیاہ
کہول دیتا آبرو نکا باطنی جوہر حباب

موجِ زلفِ یار کی جہونکون سی دل برباد ہے
پہوڑ دیتی ہی مرا دم بہر مین صرصرِ حباب

اوسکی دریای شکم پر نافِ لک گرداب ہے
یا نظر آنی لگا ہمکو سرِ کوثر حباب

ختم ہی یہ ناز کی بجہیر دُرِ دریای حُسن
موجِ گیسو مین بنی ہین کانکی گوہر حباب

چاندنی کی سیر بہی کر لی شبِ مہتاب ہی
بدر کا گرداب ہی بنتی ہین سب اختر حباب

کف نہین منہ مین جنون کا جوش ہی بالائی آب
زہر مارِ زلف کا روپوش ہی بالائی آب

ناز کی تلوون مین تیری ہی اسقدر ہی بحرِ حُسن
یہ حباب اوترا ہی پا پوش ہی بالائی آب

ہاتھ پاؤن کہل نہین سکتی حبابِ بحر کی
کیا کسی کا یہ لبِ خاموش ہی بالائی آب

پھر حباب آسا ہی اس سینہ مین اشکِ یم کا جوش
قاتلا یہ سرو بالِ دوش ہی بالائی آب

پہوٹتا ہی نالہ اہلِ فنا سی یہ حباب
ساری دریا کا بہی اک گوش ہی بالائی آب

مسکدین پنبہ شیشہ سی ساغر چھوٹ کے
بادبان کشتئ می نوش ہی بالائی آب

نقش پانکا حباب آسا مٹتا ناہی عبث
وہ تو آہی می نوش میرا ہوش ہی بالائی آب

نازکی سی ہی حبابونکی گلی لگتا ہی یار
کسطرح کھولی ہوئی آغوش ہی بالائی آب

ہین حباب آسا کلیسا کو روان مسجد سی ہنود
یا خدا کوئی بت روپوش ہی بالائی آب

چشم حسرت اغنیا کی ہی حباب بوسی عیان
خیمۂ اہل فنا روپوش ہی بالائی آب

مست ناحق اینڈتی پھرتی ہین عرسات بحیبی
وصل می ہی بلبلونکا جوش نہی بالائی آب

روی مہ پر بھی نظر آنی لگی خال سفید
یا کسی اختر کی دلکا جوش ہی بالائی آب

ہوش اڑواتی ہی ہمارے روی خندانکی کتاب
طفل غنچہ پڑھ چکا بلبل گلستانکی کتاب

بارش ابر مژہ سی حرف کھلتی ہین سوا
خط ریحان مین لکھی ہی جانانکی کتاب

ٹوٹ کر دستِ جنون سی دشت مین رہ گئے
ہی گمان تلوونکا یا خارِ مغیلان کی کتاب

حسرتِ رو کیا بی وصل مین اتنی بڑہی ہی
سینہ تختیونکا سینۂ داغِ ہجران کی کتاب

ہو گیا مجموعۂ اوراقِ دل صحّاف سی
میر اشیرازہ ہی اس زلف پریشانی کی کتاب

اِس رقیبِ غنچہ دل طینت کو مسخّر کیجیی
اب بنایا چاہیی گردِ بیابانی کی کتاب

اب تلک جمعیتِ زلفِ پریشان یاد ہی
میری بیداری ہوئی خوابِ پریشانی کی کتاب

ناز اسکو نکا سوادِ چشم کی پھاڑی بیاض
وصل مین جوڑا کرین شبہای ہجرانکی کتاب

ہجر کی شب روزِ محشر سی زیادہ بڑہ گئے
ایک حصّی سی کہین ہمنی دوچندانکی کتاب

یہ خطِ رخسار گر مجھسی نکلتا ہی صنم
چاک کرتا جیب تک مین اپنی دامانکی کتاب

یہ دلِ پرداغ نائل ہی خطِ رخسار کی
شرحِ مصحف وہ تو یہ سرچہرۂ اغانکی کتاب

خضرِ دل ہو رہنما اوسکی دہانِ تنگ تک
چشم کی چشمی بہائین آبِ حیوانکی کتاب

یہ وہ جامہ ہی کہ صد ہا سال تک پھٹتا نہین
یا ہی بیجزدان ہمنی جسمِ عریان کی کتاب

کعبۂ دل نذر ہی محراب ابرو کی لباس
پھاڑ لی اِس طاق پر چاکِ گریبانکی کتاب

گر مٹا دی یار مجکو صاف ہو جاؤن ابھی
آبِ رحمت سی بھگو دیتی ہی میری عصیانکی کتاب

شرح چاہی لعل لب سی آتشین نالونکی جب
کھولکر پڑھنی لگی وہ دستِ جانکی کتاب

لکھتی لکھتی مر گیا اک حور وشکی یاد مین
نامۂ اعمال سی اخترنی دیوان کی کتاب

سرد ہی جو کم کروگی بڑھیگا سوا عتاب
محشر تلک نہ جائیگا خورشید کا عتاب

غصّی مین بھی صباحتِ شیرین دہن ہی یاد
پوچھی شفق کی منہہ سی تمہارا مزا عتاب

وہ بی وفا سلاخِ زرِ سرخ کیون نہ ہو
سیکھا ہی زر دیونسی اگر وفا عتاب

گلچین تو مثل کاہ جلی کم ہوی بھا
ہر گلکا باغِ دہر مین اتنا بڑہا عتاب

روزن ہر ایک اوسنی چراغان بنادئے
داغ بدنکی طرح سی ہمپر پڑا عتاب

ساقی کا میکدہ مین ہی نذرو لسی دور دور
ہمکو بھی جامِ می کیطرح سی چڑھا عتاب

اس چاندنی مین آنکی ملجایی ضرور
اختر پہ کیا پہبی گا یہ اہی مہ نقاب

چمنمین منہہ سی اولٹ دی جو گلعذار نقاب
دکھای کیا شجر حسن کی بہار نقاب

وہ ناتوان ہون کہ پہپتی ہین غول صحرای
بنائی پیرہن زار شہسوار نقاب

چمن مین عارض گل ہوگا رونمای سخن
بناؤن مصرع شمشاد کی ہزار نقاب

فلک تک روشنی مہر و مہ سی ظاہر ہی
اولٹ کی بیٹہنا ہی منہہ سی جو یار نقاب

دکہای شعلہ صفت شمع رو جو عریانی
پتنگ بنکی تری منہہ پہ ہو نثار نقاب

فلک کی پردی جلاتی ہی مہر شعلہ رخ
جلی ہی برق سی کیون ہو نہ بیقرار نقاب

پری ہی تو تو ترا اسپ شنک باد صبا
بنای گرد سواری کی راہوار نقاب

یہ چشم تر مری آنسو بہاتی ہی ای برق
بنای رخ پہ مری ابر نوبہار نقاب

جبین کا داغ دکہاتی ہی ریشِ اہدِ پیر
سفید روئی کی ڈالین سیاہ کا رنقاب

جو مُنہہ پہ ساقی کی سایہ کری پرِ بطِ مے
بنائی چادرِ می کیون نہ بادہ خوار نقاب

وہ چشم ترہون کہ ہی آبشار صحنِ چمن
وہ ناتوان ہون بیابان کا ہی غبار نقاب

ابہی تو روی سیہ مہہ مین چہپاتا ہی
کری جو اختر تابان کا انتظار نقاب

پہر اندہیرا ہی ہوا کرنی لگا مہر حجاب
عاشق بی ننگ ستی نکر کریگا تو حجاب

شمع کا شعلہ بنایا کر نمک شب تاب کو
داغ تابان سی مری آرتا پہرِ جگنو حجاب

برگِ گل ہین نہ ٹا وسکی وخت رِز بیخود نہو
ساغرِ گل ستی کیا کرا ہی مئی خوشبو حجاب

مینی شیشی کی کہلی ہی انکہہ ہی ساقی کی جام
میکدہ مین طاق ستی کیون نکر کری ابرو حجاب

انہیان اغیار پر پڑتی ہین یہ تصویر ستی ہی
میری بازوئی کی دوری ہیا بازو حجاب

دستِ گل کی رخشِ پائی پہ جو پہر کہل گئی
اس حنائی شمشیرِ قاتل سی کری اتّو حباب

مارِ زلفِ یار کا سم اسقدر کرتا ہون نوش
نیشِ موہای بدن سی ہی بجا بچہو حباب

طالعِ بیدار جب سی تمین دیکہا چونک اوٹہی
خواب مین سعی مرتبہ کرتا ہی مجہسی تو حباب

میری آنسو یادِ رفتارِ صنم سی ہین روان
دیکہہ پاتا ہی اگر کرتا ہی سرِ جو حباب

قطرۂ خون بنکی خنجر ٹپک جائیگی بہر
چشم پوشی سی مری کرنی لگی آنسو حباب

مستِ چشمِ ناز اب غولِ بیابان ہو گیا
وادیِ وحشت مین سایہ سی کرین آہو حباب

تم اگر ہو مہروش ذرہ کا رتبہ ہی اوسی
آج اختر سی نہ کرنا ای مری مہ رو حباب

زلفِ مشکین سی سمجہہ جاتی اگر عنبر حساب
پہر درِ دندان سی لیوی کا نگاہ گوہر حساب

اون درِ مضمون کی قیمت شاعر لیتی لو جہہ لو
اس قلم کا جوہری کو یاد ہی اکثر حساب

صاد ہی چشمِ صنم کا انگلیونکی مد ہی یہ مین | دفترِ داغ بدنمین دیکھہ لی دلبر حساب

تجکو شیرین یاد ہی بہولا ہون مین شاگرد کو | کوہکن استاد بتلائیگا کیا پتہر حساب

کیا ہوا موی کمر مین پہیر ہی اوس نافکا | انگلیونکی پور کی بتلائینگی چکر حساب

رطب یابس باغِ عالم مین گوارا کیجیے | خشکی لب کا بتا دیتی ہی چشمِ تر حساب

روزِ وصلت ہی مگر سر ہو جاتا ہی رقیب | روز لیجاتا ہی میری دستی اژدر حساب

یاد فردائی قیامت خطِ محبوب ہے | مجکو ڈر کا ہی ابہی سی دونگا مین کیونکر حساب

میری داغونکو تری نازک خرامی پر ہی رشک | بال طاوسِ چمن سی لیگا یہ پر حساب

یاد مین زنجیر کی گنتا ہون جہت کی ہر کڑے | مجکو خالی دیکھہ کر لیتا ہی آگہر حساب

مصحفِ رخ مین نہ لکہا جائیگا میرا گناہ | بوسۂ محبوب کا دفتر سی ہی باہر حساب

اِس زمین مین چلتی چلتی پاون اختر تہک گیی
دی مری معشوق کی الفت کا نامہ بر حساب

گلشن بہار پر ہی بنا ہی قلم گلاب
توڑین نہ مین شعر سی کیونکر نہ ہم گلاب

دیکھا کرین طلسم خراباتِ دہر کو
گلشن ہی شکل دیر بنا ہی صنم گلاب

گلشن مین روح ہی طائرِ رنگِ پریدہ ہو
سمجھا ہی خوب اپنا وجود و عدم گلاب

پیری مین قدِّ راست جھکیگا جوان کا
گلشن مین شاخِ کہنہ پہ ہوتا ہی خم گلاب

پاتا ہون مین بہی عارض گلرو مین پانچ وصف
سرخی سفیدی سبزی و زردی بہم گلاب

تشبیہ اوسکی عارضِ گلگون کی کفر ہی
دیکھا نہ باغِ دہر مین سنگِ صنم گلاب

غنچہ تو بند ہوتا ہی کیون پہولتا ہی گل
تلوونگا تیری پاتا ہی شاید ورم گلاب

آبِ دو آتشین سی گرانی ہی خود مجھی
بہرِ مریضِ عشق تو ہوتا ہی سم گلاب

گلشن مین گرانی سی شیشی لنڈہا دے
مجکو سبک کری تو اوٹھائی ستم گلاب

نازک ہی تجکو سونگھنا پہولونکا بار ہی
پیتا ہی آپ عارضِ گلگونسی غم گلاب

اوس گل کی گری صاف مین ہم خار ہو گئے
ایسا ہی آپ سر پہ ہماری قدم گلاب

یون شوخ ہو نہین شگفتہ دل میرا ہو گیا
ساقی کی ہاتہہ ہی مین سحاب کرم گلاب

احمد ہماری تختے پہ جسطرحسی قلم
پہولی ہین شعر مین اسطرح کم گلاب

لٹکائی زین اسپ مین جب نوجوان رکاب
پوشیدہ ہو ہلال فلک مین عیان رکاب

ہاتونکا وصف ہاکسی گہوڑی کی پوچہہ لو
ای شہسوار پاؤن کی ہی قدردان رکاب

ای شہسوار پہر تری تلوونکی یاد مین
ہوتا ہی جا ہی گل بسر باغبان رکاب

گلشن مین کیون نہ اسپ صبا کی تیار ہو
پاؤن مین تیری پائی گل زعفران رکاب

اقلیم شعر کی جو زمین پر کرون سیر
میری کمیت فکر کی ہو آسمان رکاب

کیونکر نہ اسپ روح پہ پہر ناز کی جتاؤن
ہر رونکتی کو سمجہا ہون نہین ناتوان رکاب

ڈرنا بجا ہی ابروی خمدارِ یار سی
ایسا نہو بنائی کوئی ناتوان رکاب

نعلِ سُمِ کمیتِ صنم سی پڑی جو داغ
سمجھی ہین مہ نی تیغ وسی نکہ وان رکاب

پہولونکا بار اپنی صبا سی نہ اوٹھہ سکا
کیا زین مین لگی ہی پی امتحان رکاب

ابرو کی ساری وار سی ہی ناتوان تمام
ہاتونسی پھر نہ چھوڑیگا یہ نیم جان رکاب

گم گو یہان تلک ہی ہمارا وہ شہسوار
گہوڑا بہی بی زبان ہی و بی دہان رکاب

کاہید تمکو کردیا وصفِ رکاب نی
اختر بناؤ فکر سی اب ہڈیان رکاب

زلف کے یاد مین گہڑیان ہوئین جنجال عذاب
کیا شبِ ہجر مین ہی جا نہ تہ گہڑیال عذاب

کسی ہر کا نہین اس مو سی میان کا ای فکر
بال عنقا پہ بہی ہو جاتا ہی یہ بال عذاب

خمِ ابرو سی سیہ ہوئی رفتارِ صنم
کیون نہو اہلِ زمین کی لیی بہونچال عذاب

طور کیا یار کا سیکھا جو گئی پھر نہ پھری
جسم کو عمر رواں ہی یہ تری چال عذاب

چشم تر بحر ہی اوس کا نگا بالا گرداب
کیوں نہ پلکیں ہوں مری مچھلیوں کا جال عذاب

داغ ہر شب اسی ہر روز سیاہی اوسکو
عارضِ شمس و قمر پر ہی ترا خال عذاب

کہل گئی داغِ جنون بند مین گلگی کلیان
اوکی گلشن پہ نظر آتا ہی یہ سال عذاب

زور چلتا نہیں شاہو نسی گدا اونکا مگر
ہمی کلّ سی سوا ہی ہوسِ شال عذاب

تیری پازیب سی غل پڑ گیا ہی سروان
طوق قمری کو ہی یہ حلقۂ خلخال عذاب

چشم تر کیوں نہ گوارا کری روٹھا ٹکڑا
ابر تر پر ہی مرا ہو گیا رومال عذاب

ماہِ نو دیکھہ کی ہم غم کی گلی ملتی ہین
کیوں نہ ہو جائی ہمین غرّۂ شوّال عذاب

کیا ہوا دہوی جو نجم سے فلکے اختر نی
انی مین تجہسے نہین مردۂ غسّال عذاب

غزل من کلام ترب الاقدام الشعراء سلطان عالم مقید

روئے میں آب اشک دکھلائی جناب
کثرت نہیں شراب کی غم کھائی جناب

پلکوں سے پھوٹ جائیگی بوتل شراب کے
گردش بھی چشم مست کی دکھلائی جناب

تسخیر دختِ رز سے پری زند کرچکی
قاضی سے نذر شیشوں کی دلوائی جناب

شب بھر عروسِ فکر بنائی ہی آپ کو
اپنی کہی سے آپ ہی شرمائی جناب

اِس بحرِ چشم تر میں نہ غوطے لگائیے
تارِ نگہ کی موج تو دکھلائی جناب

عصمت نہ ایسی چاہیے دریائے حُسن میں
چشمِ حباب کور ہوئی آئی جناب

سینہ پہ بحرِ حُسن کی یہ نازکی ہی ختم
انگیا کی جا حباب کتروائی جناب

مٹی خراب ہوگئی تسبیح شیخ سے
بہرِ خدا شراب بھی پلوائی جناب

مشہور ہوں کہ عاشق و معشوق میں ہیں ہم
مجھ ناتواں کی ڈاب ہی بنوائی جناب

مُنہ اس طرف ہی پشت ادھر کو ہی شمس سے
اب آپ مُنہ نہ مہر کو دکھلائی جناب

شمشیر ماہ نو ہی کٹورے ہی مہ کے
قبضی کی دستگی کو تو دکھلائیی حنا

زنگ کدورت دل عاشق سی کند ہی
تیغ نگہہ کو سان پہ لگوائیی حناب

چمکی کیطرح اختر تابان بہی تک چکی
پاپوش آفتاب کے بنوائیی حناب

عارض سرخ دکہائی سر بازار شہاب
عوض خون جگر لیوین خریدار شہاب

تنگ ہوتا ہی زبس منعان سی وہ حوال
کاسۂ چینی مین ہوتا ہی وہ میخوار شہاب

لال ڈوری نہین کیا آنکہہ سی دیتی ہو نشان
بہری کسطرح سی یہ نرگس بیمار شہاب

سرخی عارض قاتل سی جو لڑتی ہی کبہی
چاٹ جاتی ہی عوض خون کی تلوار شہاب

زرد ہو جاتا ہی ہو لیمین رقیبو رخ سرخ
یون بہر آکر تا ہی پچکاریو نین یار شہاب

نشاۂ عارض رنگین سے کہان ہو شن بجا
یہ بہی مستی ہی عوض میکی چلی یار شہاب

صحنِ گلشن مین پڑا ہی لبِ نگین کا عکس
سبزہ پوشیدہ ہوا ہو گیا گلزار شہاب

خطِ شبرنگ ہی گالونپہ نکل آئی کہین
سبزہ رنگی ہو چھپا کی خطِ رخسار شہاب

خونِ دل دیوی تو ساقی نی کہا اٹھہ تو
میکدہ مین کوئی پی جائی نہ میخوار شہاب

دشتِ زر زرد ہی عارض سی بہا خونِ جگر
پھر بہاون طرفِ خانۂ خمار شہاب

یاد لب مین نکل آتی ہی جو سینی سی کبھی
وہین ہو جاتی ہی یہ آہِ شرربار شہاب

آج پوشاک شہیدون کی ہو احمر گلنار
رنگریز ویسی کہو اب ہی طیار شہاب

وہ گل بنا ہی اگر ساغر گلاب شراب
چمن مین بلبل شیدا کہی شراب شراب

ادھر ہی جام فلک اور ادھر ہی شیشۂ مہ
بنا ہی شفق شام آفتاب شراب

وہ رند ہون جو کبھی تنگ خونِ دل دیکھے
شراب اشک سی جاتی آب آب شراب

خمار انکھڑیون کا جام چشم مست سے ہے
پیئین کی طالع بیدار بھر بھر آب خواب شراب

چھڑا نہ پیر مغان موسم جوانی ہی
پلا رہا ہی ہمین عالم شباب شراب

جو مست بادۂ عصیان ہو دور مین کبھی
تو نازکی سی بھری ساغر حباب شراب

بسی ہین میکدہ ئین چشم مست ساقی کی
دکھا ری گردش گردون کا انقلاب شراب

دھوئین کی مثل اوڑا دیگا چرخ آتشبار
جو پیکی آئیگا وہ رشک ماہتاب شراب

دیا نکچ بھی اس دخت رز کو درس جناب
بنا ئیگا مگر صفحۂ کتاب شراب

وہ رند ہون جو کبھی حال مغبچہ پوچھون
زبان مو جسی دیوی ہمین جواب شراب

جو موج زلف سیہ دیکھہ پائی ہی دور مین
مثال سنبل تر کھائی پیچ و تاب شراب

رہی نہ حشر مین مٹی خراب اختر کی
پلائین ہاتھہ سی بھر بھر کی بوتراب شراب

کرتا ہی اپنی دل مین یہ مایوس اضطراب
شعلی کو کوکب کہاتی ہی فانوس اضطراب

جلوہ ہماری برق کا گلشن مین پڑ گیا
کرنی لگی سحاب سی طاؤس اضطراب

وصلت رقیب سی ہی دہر ہاتہہ مین ملون
کیونکر کرون نہ ہجر مین افسوس اضطراب

کانون مین انگلیان ہی مؤذن بہی رکہی
اب آہ دل سی کرتا ہی ناقوس اضطراب

گل پیرہن نی باغ کی پرزی اڑا دیے
کیا کیا بدن پہ کرتا ہی ملبوس اضطراب

تیغ سبک اٹہائی کہین بار دوش کا
سر ہی دکہا چکی پی پابوس اضطراب

ساقی نی بحر می مین جو الٹا حباب کو
دکہلا رہا ہی ساغر معکوس اضطراب

اس داغدار پر ہی گدائی مین مور چہل
سر پر کیا کری دم طاؤس اضطراب

ساکن ہو کون ہی یار کا خانہ خراب ہون
بیدار کو چاہیی دل منحوس اضطراب

اوڑتی ہین جسکی ضرب سی ٹکری پہاڑ کے
کرتی ہین اوس سی یہ بت مانوس اضطراب

وحشت نہین سنا ہی فسانہ جو آنکہہ کا
ہر اک ہرن کو ہی پی پابوس اضطراب

روضہ پہ کیا عجب ہے یہ وحشت آثار دگے

اختر بجا ہی بہرِ شہِ طوس اضطراب

یاد میں ہوئی میان کی ہی یہ سارا انقلاب
میری ویرانی مین کرجاتا ہی عنقا انقلاب

پاؤنکی ہر آبلہ مین اسقدر ہی روشنی
تیرگی سی کرگیا ہی دستِ موسیٰ انقلاب

آنکھ لی گلِ لالہ بھی گا عکس سے
عارضِ رنگین سی ہو جائیگا دریا انقلاب

دُ بانی ہی سبھی قلعہ نا کمین گر جائینگی
کیا عجب کر جائین اونکی قدِ بالا انقلاب

پھر تر شر و مجبسی کیون ہوتا ہی شیرین دہن
رغبتِ ولسی کریگا جوشِ صفرا انقلاب

پھر مجھی حیران کریگی نرگسِ میگون ترے
شیشۂ دل مین کریگا جامِ صہبا انقلاب

کچھ نہین امید چشمون سی دلِ تنگی سوا
کرچکا ہی دستِ اسکندر سی دارا انقلاب

عشق می مین دُم خفا ہوتا ہی بہت جائیگا
ضبطِ گریہ سی مری کرتا ہی مینا انقلاب

تیری تلووں کی چمن میں جو مہندی لگ گئی گل
جلد میں پڑ کر گریگا خارِ صحرا انقلاب

زلف سے دیوانہ مائل ہے خطِ رخسار پر
چھوڑ کر زنجیر کو کرتا ہے سودا انقلاب

منقلب ہے گردشِ دوران تیری آنکھ سے
پس گئی دل کی طرح سب ہے یہ کیسا انقلاب

کانپتی اوٹھتی صدائیں عمر بھر ہمنے سنین
آنکھ جب کھولی زمانے مین تو دیکھا انقلاب

تھام لینا ہاتھ ہی آخر کا وقتِ انتقال
تو بچا لینا مری لاج ہوگا انقلاب

سنکھاؤں سینے ساقی کو آج بوئے کباب
شرابخانے مین لازم ہی جستجوئے کباب

تمازتِ رخ سوزاں سے پھن گیا دلِ زار
بناتی قدحِ مہر سے سبوئے کباب

جلی ہوؤں کو جلا کر سیاہ کرتی ہو
نگاہِ مہر سے کیوں دیکھتی ہو سوئے کباب

شکارِ لب بطِ مے کا ضرور ہو ساقی
شراب پیکی ہے رندوں کو آرزوئے کباب

رقیب پہلو مین اب گریبان نہین کرتی
ہماری دلنی اڑائی ہی جان جیسی کباب

شراب یگانہ ساقی جو دل جلاتی ہین
ہم اپنی پہلو مین گہونٹا کرین گلوی کباب

کہان ہی سرو نکر فاختہ یہان کوکو
سکہاؤن نالہ قدِ صنم سی لوی کباب

تمہارا عارضِ روشن حلب مین ساغر دی
کرینگی زلف مین شامی یہ جستجوی کباب

پروی سیخِ مژہ مین مجہی وہ دریا دل
کرون جو بزم مین ساقی کی گفتگوی کباب

برشتہ ہوتا ہی ہر داغ چشمِ سوزانی
ہماری اشک کی منہہ سی ہی آبروی کباب

ہوئی دور مین سیخِ کباب لازم ہی
خدا جلائی اوسی کو جو ہو عدوی کباب

گلو سی بلبلِ شیدا کا دل جلا شاید
چمن مین آتی ہی اختر کو آج بوی کباب

غیرتِ عرقِ چندہ پہ ہی اوارہ سحاب
دامنِ تر ہو گیا رو رو کی بیچارہ سحاب

دامنِ رنگ اوسکا غیرتِ مہتاب ہے
اشکباری مین اگر دیکھی وہ مہ پارہ سحاب

آبِ خجلت موجزن کیونکر نہو افلاک پر
مادّہ یہ برق ٹہرا اور فوّارہ سحاب

بالِ طاؤسِ چمن کیطرح ہی اپنی خزان
کوچکا اپنی بجاتا ہی یہ نقّارہ سحاب

مشقِ گریہ عہدِ پیری مین زیادہ کیون نہو
مدّتون اپنا رہا طفلی مین گہوارہ سحاب

مین وہ گریان ہون اگر رونیکی کچہہ تشبیہ دون
دیکہہ کر رومال تر ہوجائی صدپارہ سحاب

اندنون اخبار مین سُننی لگا مین کوسِ رعد
برقِ وشکی ڈاک مین بنجائی ہرکارہ سحاب

جہوٹ سچ برقِ وشکی ہی عیّار جہان
آنسوونکا پشت پر باندہیگا پشتارہ سحاب

خرمنِ ابرِ روانسی برقِ الفت چہو گئی
اشکِ غم دیگا دہقانی کو کفارہ سحاب

چشمِ تر ہون مین بہی اک طاؤسِ وشکی یاد مین
میری آنکہونسی کرین باغونکا نظّارہ سحاب

برقِ وشکی یاد مین ہووی جو اختر چشمِ تر
آسمان پر ہوا ہی ہر ایک سیّارہ سحاب

گور تیرہ مین کیا کرتی ہین منعم یا تراب
حسن اسباب سفر ہی عشق اعظم یا تراب

ٹھوکرون سی مطرب خوش کام کی ہین پائمال
بزم عشرت مین کیا ہی بھر ماتم یا تراب

جو دہمت چاہیی بوستی دل بھی دیتی تجھی
گر گیا کنج دہن مین آج حاتم یا تراب

پھر عرق الود پیشانی دکھاؤ باغ مین
غنچۂ گل مین کری پھر آکی شبنم یا تراب

غیر بزم یار مین تھا رشک سے اٹھ گئے ادہم
پھر شیطان کر چکا دنیا مین آدم یا تراب

ساقیا ہوتا گدا او نکو جو دس ستی سی میل
تیرے میخانی مین کرتا کاسۂ جم یا تراب

کیون تیرے پیشانی مین کرتا ہی سفر ای خضر دل
زلف جانا نسی ابھی ہو جاتی برہم یا تراب

وہ پری اپنی نگین پر نام دل کندہ کری
چشم کی حلقی مین کر لون بھر خاتم یا تراب

اس صف مژگان مین جاتا ہی دل ای نیزہ باز
معرکہ مین پہلی کرتا ہے یہ پرچم یا تراب

اتنی دیکھین جدا اک سطح وہی زاد سفر
خال ہند و طاق ابرو مین ہی توام یا تراب

جب سُنین گی تیری شمشیرِ ظفر پیکر کا لوح
میری سینے پر گرینگی زخمِ خرّم ما بہ آب

میری پہلو سی جدا ہوتا ہی وہ جانِ جہان
پہلوی تر بہت مین گر جاتا ہی بید تا بہ آب

بادشاہِ حُسن کی سکّی کیا کرتی ہین کوچ
سینۂ اختر پہ کرتی ہین یہ درہم باتراب

چشمِ مستِ ناز کر صوتِ بطِ می کی خراب
میکدی کی ساقیا ہو جاسنگے مٹی خراب

نشاۂ دل لے گرا ہی خاکِ تسبیح سے
زاہد ونسی ہوگئی رندونکی پھر مٹی خراب

یادِ ساقی مین جو رو یا منہدم کیونکر نہو
دہر مین بنیاد میخانیکی بہی پانی خراب

حائلِ طوقِ صنوبر خرد سالیمن بہی ہون
مثلِ قمری تیرہ بختی سے ہوئی سنبلی خراب

ہجر ہی استاد کا مکتب مین طفلِ کلک کو
گھٹنون چلکی اسنی مشقِ وصلی کی خراب

طفلِ نازک کو سکہایا ہجر مین خطِ شکست
توڑ کر روئی قلم ہا وسنی وصلی کی خراب

شیشہ فکری سی میکدی مین گر پڑا
جامِ اشعار کہن سی ہمنی مٹی کی خراب

آتشِ رنگِ حنا کا کہل گیا سارا فروغ
بنگیی خطِ شعاعی جب ستاری ہی خراب

گیا اثر ہی آتشِ گل پر بہاری آہ کا
بنگیی منقارِ بلبل ہمنی جب چاہی خراب

پہولنی پاتا ہین گل توڑ لیتی ہین اوسی
گلشنِ مضمون کرتی ہی ہمین جلدی خراب

قافیی ہر چند ڈہونڈہی پر نہ بندش ہو سکی
واہ اختر بن قوافی یہ غزل ہی کی خراب

نہ آئی بجز مژہ تک جو ایجدا مکتوب
بنائی کشتی کاغذ یہ ناخدا مکتوب

یہ دل تو سبزۂ خطِ صنم سی ہی برباد
چمن مین باد صبا لائی کوئی کیا مکتوب

یہ خالِ محضرِ رخسار کی نشانی ہی
برای گیسوی جانان ہوا بلا مکتوب

کبہی وہ خال ہی اور گہ بنا ہی سبزۂ خط
چہپاتا پہرتا ہی مُنہہ پر وہ دلربا مکتوب

ہمارا نامہ اعمال غیر رکھتی ہین
وہ لاشریک ہے کیونکر نہو جدا مکتوب

وہ بادشاہ ہون ملک جنون کا ہی قاصد
سوای بوم نہ لی سایۂ ہما مکتوب

وہ ناتوان ہون کہ تنکا ہی بار ہی قاصد
وہ سنگدل ہی بنی کیون نہ کہربا مکتوب

گلو نکا اس خط ریحان پہ بس نہین چلتا
لفافہ بند ہی کہو لیکی یہ صبا مکتوب

بجای خط صنم سر جو بہیجتا ہون میں
توکوی یار ہین بنتی ہین نقش پا مکتوب

جو بادشاہ کی ہاتہو مین حکم نامہ ہو
تو پای پاک گدا اسی ہو بوریا مکتوب

جو خوان نعمت دنیا سی سیر ہی گدا
کریگا حمد سی ہر نقش بوریا مکتوب

بہتو نہین اختر تا بای قدر گہٹتی ہی
خدا کی واسطی قاصد ضرور لا مکتوب

بجا ہی کعبہ مقصود محجوب
ہمین غایب ہین اور موجود محجوب

نہین کچھہ غم ہوئی جو شعلہ ور غیر — بجہائی آتش نمرود محبوب

بتو سجدہ کیا ہی جسکو تمنے — وہ ہی نام خدا معبود محبوب

بنا خود زہر فرقت سے یہ الماس — گئی سعدہ بہی ہی بی سود محبوب

لکھوٹا پھر جما مسّے کی بدلے — دکہا پھر آتش بی دود محبوب

وہ حاتم ہون لونگا اسکا بدلا — جو ڈوڈی الا یہ دل ہی جود محبوب

مقام آخرت کا کوچ ہے اب — دکھائی منزل مقصود محبوب

ہمین دیکھا تو غصّی سی ہوئی لال — یہ عاشق شعلہ اور بارود محبوب

بجہا دن اشکباری سی تو بھڑکے — دکہا دی نالہ دل دود محبوب

وہ پختہ ہے خیال خام وصلت — شب ہجران مین ہی موجود محبوب

ہوئی پھر داغ فرقت جمع یکجا — اڑا دی تودہ بارود محبوب

کسیکو دیر و مسجد کی طلب ہے

مگر اختر کو ہی مقصود محبوب

نہ بعد مرگ جنونکو ہوا کفن مرغوب
نہ ہوگا اس تن عریان کو پیرہن مرغوب

گوارا رشک نہوگا قبول ہی فرقت
رقیب آئین او نہین کو ہو انجمن مرغوب

کرونگا وادی وحشت مین لیبسی شکوۂ داغ
وہ غول ہو کہ ہوئی آتش دہن مرغوب

اُڑائی رشک سی حاسد ہمارا مصرع تر
کبھی نہ زاغ کو ہو بلبل چمن مرغوب

عزیز مین ہی یوسف کو داغ ای یعقوب
نہ بھائینگو ہوئی بوئی پیرہن مرغوب

عبث ہے آہوی چشم صنم ستاتے ہین
اسیر دام بلا کو نہین ختن مرغوب

ہوا کو باندھتا ہون حور رشکی الفت مین
نسیم خلد کی خوشبو کو ہو سخن مرغوب

مٹا کی صاف کریگی ہزار موج نسیم
بلا کشونکو ہی پر زلف پرشکن مرغوب

بنا ہوا ہی اگر بادشاہ حسن تو کیا
گدائی پیشہ کو ہی سکۂ کہن مرغوب

وہ ناتوان ہون کہ جز استخوان نہین لیکن | بہت ہی حضرت غم کو مرا بدن مرغوب

کسیکو اپنی وطن مین خیال غربت ہے | کسیکو عالم غربت مین ہی وطن مرغوب

ہم اوسکی سبزہ خط کو تو جانتے ہین خضر | کیا ہی چشمہ حیوان چہ ذقن مرغوب

ہر ایک مصرع اختر سی دل مین پہنتا ہی

کباب گاہ نہوویگا برہمن مرغوب

چمن سی پہینک دیا میرا آشیان کیا خوب | نہال مجکو کیا آکی باغبان کیا خوب

ہمارا یہ ار تو ہی لامکان مکان کیا خوب | خدا کی نام سی افزون ہتی نشان کیا خوب

شباب مین کسی معلوم یہ ضعیفی ہے | عجب بہار مین آئی ہتی خزان کیا خوب

یہ اشتیاق تہا قاتل کا ہمکو قتل کی وقت | کہ چشم زخم کہلی ہی کہان کہان کیا خوب

ابہی سی آنکہ دکہا کر عبث ڈراتی ہو | ہوا ہی کر کمر ہی کبہی نہان کیا خوب

خبر ہی چھپی بہی رخسارِ زرد کی اوسکو ۔ یہ ہنستی ہی کہل کہل کی زعفران کیا خوب

کلام گو تو ہی ذرّہ مگر کلام ہی مجھی ۔ زمینِ شعر دکہاتی ہی آسمان کیا خوب

پڑی ہین داغ رخِ صاف جامۂ تن پر ۔ دریدہ ماہ سی ہوتا نہین کتان کیا خوب

وہ تہی تو تنگ دہان بات ہوی ہم بہی ۔ دہن کی وصف مین کہلتی ہی یہ زبان کیا خوب

کہلا ہی آئینہ مین سبزۂ خطِ رخسار ۔ زبانِ کلک سمجہتی ہی این و آن کیا خوب

ہمین تو چاہیی تہا ہو سکی نہ وصفِ دہان ۔ یہان کی تنگ دہانی گئی وہان کیا خوب

اسیرِ ناف بہی چاہِ ذقن سی ہو سیراب ۔ گرہا تو جانتی تہی پر ملا کنوان کیا خوب

جمالِ سروِ روان کو جو یار تک لایا ۔ ملی ہی زیست مین سیدہ ہی جنان کیا خوب

بڑا ہی پہیر ہی محبت نہ درمیان لاو ۔ کمر کو پوچہتی ہو ہمسی ای میان کیا خوب

لکہو تا مستی پر اوسنی غضب جمایا ہی ۔ اوٹہا ہی آتشِ سینہ و دنی دہوان کیا خوب

شہیدِ کاکلِ شبگون پہ وی شبکو ہی ۔ اوگا ہی مرثیہ خوان ایسکو ارغوان کیا خوب

خدا اوٹھائی نہ اس رستی ٹیان ہین کھے | ترستا ہون صنم سنگ آستان کیا خوب

تری غزل پہ ہلالی نثار ہی اختر
اگر پڑھی تو کہی سنکی شعر خوان کیا خوب

[illegible]

چشم مسکین دیکھہ کر بیہوش کی ساغر مین ڈوب | ناف سی اوس حور وشکی زاہد کوثر مین ڈوب

یہ گدا پیشہ ہی سائل شرم کچھہ آتی نہین | حرف سکہ کیطرح ایشاہ خوبی زر مین ڈوب

سر بھی پھوڑا پر نہ دربانسی وہ دران کھلا | نقش پا صاف کی مانند اوسکی در مین ڈوب

جامہ زیبی ہی گریبان مین چھپا پھر روی سرخ | مثل بلبل چشم ای گل پیرہن چادر مین ڈوب

آتش روی صنم سی سرد مہری کم ہوتی | پھر زغال سرخکی مانند تو مجمر مین ڈوب

تجکو شیرین بی نہ پوچھا رایگان محنت ہوئے | شرم سی لازم ہی تجکو کوہکن پتھر مین ڈوب

گر بیابان ترکسی بی ہین رقیب تیرہ بخت | داغ سودا چاہیی تجکو بہی آب اخگر مین ڈوب

مائلِ شوقِ ہم آغوشیِ گل وہی اگر
طائرِ دل چاہیی بلبل کی تو شہپر مین ڈوب

وادیِ پرخار مین قلق مون لگی ہی دختِ رز
آبلو کی خم سی ساقی چاہیی ساغر مین ڈوب

کونسی معنی مین کو زاہد حور کی الفت نہین
بندشِ موی میان سی چاہیی کمر مین ڈوب

دامِ تدبیرِ کہن سی صید کب ہو مرغِ فکر
ای مگس طینت تجھی لازم ہی دل پر مین ڈوب

درد کا کیا غم ہی قاتل ہی ہماری چشم مہ
موجِ آبِ صاف ہی اختر اسی خنجر مین ڈوب

نہین بہشت مین بہی اسکو حورِ عین مطلوب
ہمیشہ حضرتِ دل کو ہی مہ جبین مطلوب

کریگا نقشِ قدم اوس پری کا دل تسخیر
عجب طرح کا سلیمان کو ہی نگین مطلوب

دروغگوئی سی ڈرتا ہون نہ آسمان پہ بیٹھی
ابہی سی کہتی ہو تم ہی یہی زمین مطلوب

گلو نسی کام ہی شبنم کو باغِ عالم مین
عرق کو رہتی ہی ہر دم تری جبین مطلوب

مین اپنی دیدۂ گریان کو کس سی پوچھونگا
جواہر تر کو ہوی میری آستین مطلوب

ہمیشہ پاس سی طالب ہی مری احباب
اگر خیال کمر مین ہی دور مین مطلوب

وہ مہ ہی عقد ثریا مین داغ چیچک کی
ہماری خرمن دل کو ہی خوشہ چین مطلوب

نظر مین ایک سی بہتر ہی ایک دنیا مین
بُری کو دیکھہ لین جب ہم تو ہی حسین مطلوب

ہمین سی ہاتھہ اوٹھاؤ تو ہمین طالب
خدا کی واسطی چھوڑو ہمین ہمین مطلوب

ہمین بہی آتش دوزخ سی خوف کیا زاہد
نگاہ پاک سی ہی روی آتشین مطلوب

ہمین خوش کرینگی کبھی مگس طینت
وہ نیش دلین ہی ہوگا نہ انگبین مطلوب

الہی تلک تو ہمین عشق کی ہم طالب
ہوا ہی شاہد معنی ہمین کہین مطلوب

ہماری تاک ہی طالب کون خوشہ کا
غزل ہماری ہین نحکو نکتہ چین مطلوب

الہی ہی آج مربع نشین ہی **اختر**
کہ نقش جب سی نظر آ انکی ہین مطلوب

| | |
|---|---|
| بدو نسی سکت پھرتی ہین وہ طریقِ صواب | بہت سمجھی ہین آسان وہ دقیقِ صواب |
| وہ بدہون نیکیونکا جنسی دل بہلتا ہے | شبِ وصال مین ہوتا ہو مین رفیقِ صواب |
| ہر ایک نیکی کی بدلی برائی کرتا ہے | ابھی تلک تو نہ پایا کوئی شفیقِ صواب |
| یقین ہی کشتی افعالِ بد او ترجائے | روان ہی بحرِ فنا مین جو غریقِ صواب |
| بدونکو راہ ملی گی نہ نیک صحبت مین | گروہ غیر نکا لیکا یہ فریقِ صواب |
| رقیبِ بد نہ جلائینگی آہ کاذب سے | تمہارا عاشقِ صادق تو ہی حریقِ صواب |

بدی بدی ہین اس اختر کا کام ہوتا ہی

سو خدا کی لیی اب کرو طریقِ صواب

| | |
|---|---|
| پسند آگیا اوسی وہ خوار کا اسلوب | وہ اوسکی نشأہ کی انکھین خمار کا اسلوب |
| جو ہچکی آئی تو سمجھا کہ ہی نشانیِ مرگ | نہ پائیگا یہ کوئی انتظار کا اسلوب |

کنارہ کش ہوئی خاک ہمکنار ہون مین — خیالِ کو ہی صنم ہی کنار کا اسلوب

ہر اک گلابی کو ہی عندلیب بھر بھر دے — چمن سی چاہی خزان ہو بہار کا اسلوب

یقین ہی رنگِ شفق روی چرخ سی اُڑ جا — جو دیکھتی کسی سینہ فگار کا اسلوب

زلال نوش ہون ساقی چھٹا ملی بطے — کسی و کھاتی ہوا اِس آبدار کا اسلوب

ذلیل شاعر کی آنکھہ مین کھٹکتا ہے — گلون مین ہوتا ہی جس طرح خار کا اسلوب

ہمین تو آنکھہ لڑانی سی شرم ہی ای برق — دکھا سحاب دلِ اشکبار کا اسلوب

ذقن بھی ہی نو با دام چشم پستہ دہان — وہ سرو ہی شجرِ میوہ دار کا اسلوب

خیالِ یار مین بین السطور چھوڑا ہے — ہر ایک بیت مین ہی گو ہی یار کا اسلوب

ہر ایک خوشہ پستانہ ہاتھہ ملتا ہی — دِکھایا سر نی کیا سنگسار کا اسلوب

شرارتین نکرو ای بو جند سی ڈرو — دکھایا سنگ مین تمنی شرر کا اسلوب

